# فہرست مطالب

## اردو مقالات


لاہور عجائب گھر کے مخطوطاتِ کشف المحجوب/ ڈاکٹر معین نظامی ۵

پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ایک نادر عربی مخطوطہ/ ڈاکٹر محمد سرفراز خالد ۱۱

مسلم معاشرے میں ترجیحاتِ نکاح (قرآن وسنت کی روشنی میں)/ صباحت رمضان سیالوی ۲۹

بابائے پنجابی کے ادبی سفر/ محمد جنید اکرم ۴۳

کشمیر......تہذیبی وثقافتی پس منظر/ ڈاکٹر سردار اصغر اقبال ۵۳

حضرت سلطان باہوؒ اور تکذیبِ حُبِ دنیا/ سید عنصر اظہر ۵۹


## فارسی مقالات


متناقض نمایی در خمسۂ امیر خسرو / دکتر محمد ناصر، نواز احمد ۷۱

معرفی و تصحیح مثنوی "پیر رومی"/ هما گل، دکتر محمد صابر ۸۵


## پنجابی مقالہ


شاہ حسین دی صوفیانہ شاعری تے پنجاب/ ڈاکٹر ناہید شاہد ۹۷


## عربی مقالہ


شعر الرثاء لأهل البيت / الدکتور محمد سلیم اسماعیل، محمد عباس ۱۰۵

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 35, Sr.No.94, 2014, pp 05 - 10

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۵، جنوری۔ مارچ ۲۰۱۴ء، شمارہ ۹۴

# لاہور عجائب گھر کے مخطوطاتِ کشف المحجوب

ڈاکٹر معین نظامی☆

**Abstract:**
The Kashf al-Mahjub by Sayyid Ali Hujveri is a world wide known, matchless old Persian Text on Sufism and a lot of research has been produced on Hujveri and his unique text all over the world. About 160 manuscripts of the book are on record and certainly some uncategelogied manuscripts are also being preserved in different collections.
This article introduces three important manuscripts of the kash al- Mahjub of the Lahore Museum, Pakistan.
**Key words:**Kashf al- mahjub, Hujveri, Manuscripts of kashf-al-Mahjub, the Lahore museum.

کشف المحجوب حضرت سیّد علی ہجویری (م:۴۶۵ھ) کی بے مثال فارسی تصنیف ہے جو تصوّف وعرفان کے موضوع پر، بجا طور پر، دائرۃ المعارفی اہمیت کی حامل ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک کے ثقہ محققین اور دانشوروں نے مختلف زبانوں میں اس کی تدوینِ متن، متن کے ترجمہ وتوضیح، اس کے مطالب وافکار اور اس کے مؤلّف کے احوال وآثار کو موضوعِ تحقیق بنایا ہے جس کی بنا پر عرفانِ اسلامی کی گراں قدر تاریخ میں ہجویری شناسی کو ایک زرخیز میدانِ تحقیق کی حیثیت حاصل ہو چکی ہے۔ اسلامی ممالک خصوصاً پاکستان میں ہجویری شناسی کی اہمیت روز افزوں ہے اور اس ضمن میں سلسلۂ تحقیق وتصنیف جاری ہے۔

---

☆ صدر، شعبہ فارسی، پنجاب یونیورسٹی لاہور

مختلف دست یاب منابع کی روشنی میں کشف المحجوب کے ایک سو ساٹھ کے لگ بھگ قلمی نسخوں کا سراغ ملتا ہے۔انھی میں سے قدیم ترین اور مختلف جہات سے اہم ترین مخطوطات کو سامنے رکھ کر متعدد اہلِ علم نے اس کی تدوینِ متن کی ہے۔ کشف المحجوب کی صدیوں پر پھیلی ہوئی مقبولیت کے پیشِ نظر اس کے معلومہ مخطوطات کی تعداد نسبتاً کم اور یہ مشکل محض اطمینان بخش ہے ۔مختلف اداروں اور نجی ذخیروں میں ابھی اس کے کئی اور ایسے نسخے یقیناً موجود ہوں گے جن کی تا حال فہرست سازی نہیں ہوئی اور علمی دنیا ان کے تعارف وکوائف سے محروم چلی آتی ہے۔

کشف المحجوب کے ایسے ہی تین مخطوطات لاہور عجائب گھر ، لاہور کے ذخیرۂ مخطوطات میں محفوظ ہیں جنھیں زیرِ نظر مضمون میں پہلی بار متعارف کروایا جا رہا ہے:

۱۔ پہلا نسخہ، بہ شمارۂ: ف ۹۰۸، ۲۶۷ اوراق، ہر صفحے پر اٹھارہ سطریں ہیں۔کتابت پختہ نستعلیق میں کی گئی ہے۔ترقیمے میں تاریخ کتابت ۲۶۔رمضان ۱۲۰۳ھ، دوشنبہ لکھی گئی ہے۔کاتب نے اپنا نام تحریر نہیں کیا۔قرائن سے لگتا ہے کہ کتابت لاہور ہی میں عمل میں آئی ہے۔ یہ نسخہ انبالہ بک بائنڈرز، شیش محل روڈ، لاہور سے خریدا گیا ہے۔

یہ ایک متاخّر نسخہ ہے مگر اس کے کچھ ذیلی فوائد بھی ہیں۔مثلاً:

i۔ اس کا ظہریّہ اہم ہے جس پر کتاب اور مصنّف کا مختصر تعارف تحریر کیا گیا ہے اور کچھ تملیکی یادداشتیں بھی ہیں۔ظہریّے کی تعارفی عبارت یہ ہے:

> این کتاب کشف المحجوب لارباب القلوب تصنیفِ جناب قدوۃالاولیا، زبدۃ الاتقیا، شاہِ دوجھان، حبیب الرحمان جناب حضرت شیخ المشائخ، مرشدنا و مولانا غوث الاعظم الشیخ ابوالحسن علی بن عثمان بن علی الجلاّبی الغزنوی الھجویری ، رضی اللہ تعالیٰ عنہ و عن آبائہٖ و اجدادہ ، مزیّن است، مدفن ایشان در لاھور، سال تاریخ وفات ایشان کلمۂ **سردار** است (٤٦٥ھ).

نام کتاب کے حوالے سے اب اجماعِ محققین ہو چکا ہے کہ یہ محض کشف المحجوب ہے اور لارباب القلوب اس کا جزو نہیں ہے۔

اسی صفحے پر مالکِ کتاب نے اپنے کچھ فرزندوں کی تواریخ ولادت بہ طورِ یادداشت عربی میں قلم بند کی ہیں جس سے ان کے اہل علم ہونے کو تقویت ملتی ہے۔ ایسی پہلی یادداشت عبداللہ، ۱۲۰۳ھ کی ہے جو نسخے کا سالِ کتابت بھی ہے۔ عین ممکن ہے کاتب اور مالک ایک ہی شخصیت ہوں ۔افرادِ خاندان نے بعد میں بھی کئی لوگوں کی تواریخ ولادت اس صفحے پر درج کی ہیں۔ آخری اندراج ۱۳۱۸ھ کا ہے۔ قیاس ہے کہ ۱۳۱۸ھ کے بعد جلد ہی یہ نسخہ اس خاندان کے ہاتھ سے نکل گیا تھا۔

ii۔ متن کے پہلے صفحے پر حاشیے کی کچھ عبارتیں لکھی گئی ہیں اور ان کے آخر میں بہ صراحت ''مولانا عبدالغفور لاری'' لکھا گیا ہے۔ پہلی بات تو یہ طے ہے کہ ''لاری'' کی نسبت درست نہیں ہے۔ مذکورہ حاشیہ عبدالغفور نامی کسی قادری بزرگ کی تصنیف ہے۔ دوسرا یہ کہ غالباً حاشیہء عبدالغفور کا کوئی نسخہ کاتب کی دسترس میں تھا اور وہ حواشیِ متن پر اس کی کتابت بھی کرنا چاہتا تھا لیکن بہ وجوہ اسے پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچا سکا۔ یہ بھی قابلِ قیاس ہے کہ کاتب کو پورا حاشیۂ عبدالغفور میسّر نہ ہوا اور اس کے منقول عنہ نسخے میں اس قدر عبارات ہی درج ہوں اور اس نے انھی عبارات کو بعینہٖ نقل کر دیا ہو۔ یہ عبارات بلاشبہ حاشیۂ عبدالغفور ہی کی ہیں اور پورے نسخے میں دو تین اور صفحات پر بھی موجود ہیں۔

iii۔ اختتامِ متن کے بعد آخری صفحے پر حضرت سیّد علی ہجویری کی مدح میں ایک فارسی منقبت کے اٹھارہ اشعار نقل کیے گئے ہیں۔ کاتب لکھتا ہے:

مناجات از مصنّفاتِ مربیّ و مولاءِ راقم این سطور
به جنابِ مقدس علی بن عثمان الجلاّبی الشهیر به
داتا گنج بخش صاحب، و مقبرهٔ ایشان به لاهور است

دو جهان زیرِنگینِ مُهر نامِ گنج بخش
جنّ و انس [انسان] و ملك منقاد و رامِ گنج بخش

سیّد السادات و نورِ مصطفی و مرتضیٰ

گردشِ چرخ برین باشد به کامِ گنج بخش---

و ازدل و جانم غلام شاهِ میران محیيِ دین

نیز از فضلِ خدا هستم غلامِ گنج بخش

یہاں کاتب نے لکھا ہے:

اشارة فرمودند به اسمِ شریفِ ذاتِ سامی خویش،چه

اسمِ شریفِ حضرت ایشان غلام محیی الدین است

اظلّ الله ظلهٗ علی الطّالبین

گویا یہ کلام شیخ غلام محیی الدین قادری لاہوری کا ہے جو تحریر کے وقت زندہ ہیں اور کاتب ان کا مرید ہے۔ اشعار کا کاتب وہی لگتا ہے جس نے متن کی کتابت کی ہے۔

اسی صفحے کے حاشیے پر تاریخ وفاتِ شیر علی خان: **الٰہا بہ بخشیش آمدندا**، اور تاریخ قتل شدنِ ہری سنگ پلید: **دوزخی خوک** بھی ہے۔

۲۔ دوسرا نسخہ، بہ شمارۂ: ف ۱۱۹۶، ۲۵۲ اوراق، ہر صفحے پر انیّس سطریں ہیں۔ بہت عمدہ نستعلیق ہے۔ عربی عبارات نسخ میں ہیں۔ عربی عبارات اور عنوانات سرخ روشنائی میں ہیں۔ کاتب کا نام محمد بقا ہے اور تاریخ کتابت محرم ۱۰۹۴ھ یا بہ گمانِ غالب ۱۱۹۴ھ ہے۔ ترقیمہ موجود ہے مگر کئی الفاظ کھرچ دیے گئے ہیں:

حسب الفرمودۂ [؟] شجاعت و رفعت مآب [نام مٹا دیا گیا ہے]۔

ان القاب اور نسخے کے فنّی معیار کی روشنی میں قیاس کیا جا سکتا ہے کہ یہ مخطوطہ کسی اہم سیاسی و سماجی شخصیت کی فرمائش پر اس کے لیے تحریر کیا گیا ہے۔ لاہور عجائب گھر نے اسے ۲۴۔ اپریل ۱۹۸۹ء کو خریدا ہے۔

۳۔ تیسرا نسخہ، بہ شمارۂ: ف ۱۳۱۲، چھوٹے طول و عرض کا حمائل نما یہ مخطوطہ ۴۴۳ اوراق پر مشتمل ہے۔ ہر صفحے پر پندرہ سطریں ہیں۔ خط نستعلیق مائل بہ شکستہ ہے۔ عنوانات اکثر سرخ اور بعض

مقامات پر سنہری ہیں۔ ترقیمہ آب دیدہ ہونے کی وجہ سے خوانا نہیں اور یہ آب دیدگی طبعی نہیں لگتی البتہ اس میں صاحبِ کشف المحجوب کا سالِ وفات ۴۶۵ھ واضح پڑھا جاتا ہے۔ کتابت گیارہویں صدی ہجری کے نصفِ اوّل کی معلوم ہوتی ہے۔ کہیں کہیں حواشی پر مختصر توضیحات درج کی ہیں۔ ایسے چند اندراجات میں ارشاد المریدین اور لطائف اللّغات وغیرہ کا حوالہ ملتا ہے۔ حواشی پر بعض جگہوں پر نسخہ بدل بھی لکھے گئے ہیں۔ کاتب ہی نے کتابت پر نظرِ ثانی بھی کی ہے اور کچھ مقامات پر، رہ جانے والی عبارات حواشی میں لکھی ہیں۔

ظہریے پر ایک بڑی اور چار چھوٹی مُہریں ہیں۔ چھوٹی مہریں کافی حد تک مٹائی جا چکی ہیں بڑی مہر بیضوی ہے اور اس میں ''...معدمرید جہانگیر شاہ'' پڑھا جا رہا ہے۔ گویا نسخہ جہانگیر بادشاہ کے کسی امیر کی ملکیت میں رہا ہے۔

لاہور عجائب گھر نے یہ نسخہ ۱۸۔ فروری ۱۹۹۳ء کو خریدا ہے۔

لاہور عجائب گھر کے ذخیرۂ مخطوطات میں ایک لمبا طوماری ورق بہ شمارۂ :239 .MSS موجود ہے جس کا عنوان دفتری فہرست میں در حالات ابوالحسن علی هجویری درج ہے حال آں کہ بنیادی طور پر یہ ورق لاہور کے زنجانی مشائخ کے بارے میں ہے۔ اس کے مصنف اور کاتب نامعلوم ہیں۔ اس میں ایک مقام پر ضمناً حضرت سیّد علی ہجویری کا ذکر بھی آیا ہے جسے یہاں بہ اختصار نقل کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا:

> نقل از کتاب **فاتحة الولایت** من تصنیفِ ... ابو الحسن بن شیخ علی بن عثمان الجلّابی الهجویری که فیض وی اوّلاً بی واسطه بود... بعضی محققان بر آن اند که قبرِ صاحبِ **کشف المحجوب** در غزنین است. و شیخ علی که قبرِ وی در لاهور است، نیز از اعزّهٔ مشایخِ کبار است و مصاحب ... فخرالدین حسین زنجانی است...

حضرت سیّد علی ہجویری کی شخصیت، تصانیف، ورودِ لاہور اور مدفن کے بارے میں عمداً پھیلائی جانے والی غلط فہمیوں کی تاریخ بھی کافی پرانی ہے اور بیشتر غلط فہمیوں کا کھوج لگایا جائے تو

ایک ہی سرچشمہ معلوم ہو جاتا ہے۔ ان غلط فہمیوں کو درست جانتے ہوئے بعض معاصرین نے بھی کچھ موضوعات پر بہ زعم خویش دادِ تحقیق دی ہے اور علم و تحقیق میں رسوخ رکھنے والے کئی محققین نے ان کا تعاقب بھی کیا ہے۔ پورے یقین سے کہنا چاہیے کہ طوماری ورق میں بیان کی جانے والی معلومات تحقیقی حلقوں میں مکمل طور پر مردود قرار پا چکی ہیں اور کافی حد تک ان اسباب و علل کا تعیّن بھی ہو چکا ہے جن کی بنا پر افواہ سازی کا یہ مذموم عمل جاری رہا ہے۔

☆☆☆☆

کتابیات:


- ہجویری، علی بن عثمان، کشف المحجوب، مخطوطہ: ف ۹۰۸، ذخیرۂ مخطوطات لاہور عجائب گھر۔
- ہجویری، علی بن عثمان، کشف المحجوب، مخطوطہ: ف ۱۱۹۶، ذخیرۂ مخطوطات لاہور عجائب گھر۔
- ہجویری، علی بن عثمان، کشف المحجوب، مخطوطہ: ف ۱۳۱۲، ذخیرۂ مخطوطات لاہور عجائب گھر۔
- ؟، [در حالاتِ ابو الحسن علی هجویری]، Mss.239، ذخیرۂ مخطوطات لاہور عجائب گھر۔

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 35, Sr.No.94, 2014, pp 11 - 28

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۵، جنوری - مارچ ۲۰۱۴ء، شمارہ ۹۴

# پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ایک نادر عربی مخطوط

ڈاکٹر محمد سرفراز خالد☆

**Abstract:**

The Punjab Univrsity's Library is one of the richest libraries in Pakistan. Besides books on all disciplines in various languages of the world, the library has thousands of manuscripts in Arabic, Persian and Urdu. The article introduces a manuscript of an Indian scholar Mufti Abdus Salam Diwi on Islamic jurisprudence entitled *"al-Insharat al-Ma'aliyah"* which is a commentary of 'Abdullah b. Ahmad Nasfi's book "Manar al-Anwar". Mufti Diwi's work has hitherto not published and its two manuscripts are present, one in the Main Library of University of the Punjab Lahore and the other in Bankipur Library (India). This work is an encyclopaedia of Fiqh and is based on four juristic schools. Being a Hanafite, the scholar has established the superiority of his own school. The manuscript manifests commentator's lexicographical knowledge, intelligence, reasoning, memory and in-depth study of jurists literature of Islam.

تاریخ اسلام کے مطالعہ سے یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ مسلمانان عالم نے ہر دور میں درس وتدریس کے میدان میں کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔ نیز ہر شعبہ زندگی کے ماہرین مثلاً مفسرین، محدثین، فقہاء اور سائنسدانوں نے ایسی نادر کتب مرتب کیں جو علوم وفنون کے خزانوں سے بھری پڑی ہیں۔ بے شمار کتب خانوں کی تباہی و بربادی کے باوجود لاکھوں قلمی نسخے اور مخطوط آج بھی بہت سی لائبریریوں اور کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔

---

☆ اسسٹنٹ پروفیسر (شعبہ عربی وعلوم اسلامیہ) گورنمنٹ کالج، یونیورسٹی، لاہور

پنجاب یونیورسٹی لاہور کی لائبریری کا شمار بھی ان لائبریریوں میں ہوتا ہے جہاں ہزاروں نادر اور نایاب کتابوں اور قلمی نسخوں کا ذخیرہ محفوظ و مامون ہے۔ ان میں ایک نسخہ مفتی عبدالسلام دیوی کا مرتب کردہ ''**الا نشرحات المعالیه**'' ہے جو علم ''اصول فقہ'' کا بے نظیر نمونہ ہے اور تا حال منتظر اشاعت ہے۔ پیش نظر اس مخطوط کے تعارف سے قبل علم اصول فقہ کو قرآن وسنت کی روشنی میں متعارف کروانے کی کوشش کی جاتی ہے تا کہ اس مخطوط کی اہمیت کا بخوبی اندازہ ہو سکے۔

یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ دین متین کی اساس میں علم اصول فقہ، کتاب و سنت سے علوم شرعیہ کے استنباط کے لیے اہم حیثیت رکھتا ہے۔ علم اصول فقہ اللہ تعالیٰ کے ان قرآنی احکام کی معرفت کے لیے ایک اہم علم ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے زمین پر قیام عدل کی غرض سے نبی مکرم ﷺ پر نازل فرمایا۔ اور ان احکام کا صحیح فہم و ادراک اس علم اصول فقہ کے بغیر ناممکن نظر آتا ہے۔ ایک مجتہد کو ہی یہ خدا داد صلاحیت حاصل ہوتی ہے کہ وہ اشتباہ و اغلاط سے اپنے دامن کو محفوظ رکھتے ہوئے کتاب الٰہی اور سنت نبوی ﷺ کی روشنی میں احکام کی صحیح تعبیر و تشریح کر سکتا ہے۔

علم اصول فقہ کی اہمیت اور علوم دین میں اس کی بنیادی حیثیت سے اعراض ممکن نہیں۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ سے واضح ہے۔

**﴿ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ ﴾ (۱)**

(تو کیوں نہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلی تا کہ دین کی سمجھ حاصل کریں۔)

**﴿ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴾ (۲)**

(اور اُن کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ہے تو وہ کچھ نہیں سمجھتے۔)

**﴿وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ☆ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴾ (۳)**

(اور میری زبان کی گرہ کھول دے تا کہ وہ میری بات سمجھیں۔)

**﴿ وَإِنْ مِّنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ﴾ (۴)**

(اور کوئی چیز نہیں مگر اس کی تعریف و ستائش میں رطب اللسان ہے۔ لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھ نہیں سکتے۔)

**﴿ فَمَا لِ هٰٓؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا﴾ (۵)**

(تو ان لوگوں کو کیا ہو گیا کہ کوئی بات سمجھتے معلوم نہیں ہوتے۔)

احادیث رسولؐ سے بھی یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ علم اصول فقہ کو تمام علوم میں امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ اور تفکر و تدبر کو دیگر عبادات سے افضل قرار دیا گیا ہے۔

**مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ (٦)**

(اللہ تعالیٰ جس سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین کی سمجھ عطا کر دیتا ہے۔)

**"وعن عبدالله بن عمروؓ قال : دخل النبي ﷺ المسجد وقوم يذكرون الله عز وجل وقوم يتذاكرون الفقه فقال النبي ﷺ : كلا المجلسين إلىٰ خير ، أما الذين يذكرون الله عز وجل ويسألون ربهم فإن شاء أعطاهم وإن شاء منعهم ، وهؤلاء يعلمون الناس ويتعلمون ، وإنما بعثت معلما ، وهذا أفضل فقعد معهم" (٧)**

(حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد نبوی میں داخل ہوتے ہیں۔ صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت اللہ عزّ وجل کے ذکر واذکار میں مصروف ہے۔ جبکہ صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت دین کی فہم وفراست میں مشغول ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دونوں جماعتیں بھلائی کی طرف گامزن ہیں۔ جو جماعت اللہ عزّ وجل کے ذکر میں مصروف ہے، اور اپنے ربّ سے طلب کر رہی ہے اگر ان کا ربّ چاہے تو ان کو عطا فرمائے اور اگر چاہے تو نہ عطا فرمائے۔ اور وہ جماعت جو لوگوں کے لیے درس و تدریس میں مصروف ہے، اور یقیناً میں معلّم بنا کر مبعوث کیا گیا ہوں، اور یہ جماعت افضل ہے اور یہ فرما کر آپ ﷺ ان میں بیٹھ گئے۔)

**" ما بال قوم لا يفقهون جيرانهم ، ولا يعلمونهم ، ولا يعظونهم ، ولا يأمرونهم ، ولا ينهونهم ...." (٨)**

(قوم کو کیا ہو گیا ہے کہ اپنے ہمسایوں کو سمجھاتے نہیں اور نہ انہیں تعلیم دیتے ہیں۔ اور نہ اُنہیں وعظ ونصیحت کرتے ہیں، نہ اُنہیں نیکی کا حکم دیتے ہیں اور نہ انہیں برائی سے روکتے ہیں۔)

**" يسير الفقه خير من كثير العبادة وخير أعمالكم أيسرها" (٩)**

(دین میں تھوڑا سا تفکر و تدبّر کثیر عبادت سے بہتر ہے۔ تمہارے اعمال میں بہترین آسان (اعمال) ہیں۔)

**" من تفقه في دين الله كفاه الله همه ورزقه من حيث لا يحتسب " (١٠)**

(جو دین کے بارے میں فہم حاصل کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے غم و پریشانی میں اس کے لیے کافی ہوتا ہے اور اسے رزق دیتا ہے جہاں سے اُسے گمان بھی نہیں ہوتا۔)

**" مثل العابد الذّی لا يتفقه كمثل الذی يبني بالليل ويهدم بالنهار " (١١)**

(ایسے عابد کی مثال جو بغیر تفکّر و تدبّر کے ذکر میں مصروف ہے، ایسے ہے جیسے رات کو عمارت تعمیر کرتا ہے اور دن کو گرا دیتا ہے۔)

ان آیات قرآنیہ اور احادیثِ نبویہ ﷺ سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ علم اصول فقہ تمام اسلامی علوم کی بنیاد فراہم کرتا ہے جس کے ذریعہ قرآن و حدیث کے فہم ادراک میں مدد ملتی ہے۔ اصول فقہ کے ماہرین نے اس حقیقت کو اپنے اپنے انداز میں واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ کے الفاظ میں:

**"هو العلم الذّی إزدوج فيه العقل والسمع ، واصطحب فيه الرأی والشرع ، فأخذ من صفو الشرع والعقل سواء السبيل ، فلا هو تصرف بمحض العقول بحيث لا يتلقاه الشرع بالقبول ولا هو مبني علىٰ محض التقليد الذّ ی لا يشهد له العقل بالتأييد والتسديد " (١٢).**

(یہ ایک ایسا علم ہے جس میں عقل و سماع نیز رائے اور شریعت کا امتزاج ہے۔ اور یہ شریعت و عقل کا مساوی انتخاب ہے۔ نہ تو یہ محض عقل کا تصّرف ہے کہ اس میں شریعت کو تسلیم نہ کیا جائے۔ اور نہ ہی تقلیدِ محض ہے کہ جس میں عقل کی تائید نہ ہو۔)

حاجی خلیفہؒ کی رائے میں علم اصولِ فقہ:

**" هو علم يُتَعَرَّفُ به إستنباط الأحكام الشرعية الفرعية عن أدلتها الإجمالية " (١٣)**

(یہ ایک ایسا علم ہے جس کے ذریعے فروعی شرعی احکامات کے نتائج و استنباط کو ان کے اجمالی دلائل سے پہچانا جاتا ہے۔)

صدر الشریعہؒ علم اصول فقہ کے بارے میں رقمطراز ہیں:

**" علم القواعد التي يُتَوَصَّلُ بها إليه ( إلىٰ الفقه) علىٰ وجه التحقيق " (١٤).**

(ایسے قواعد کا علم ہے جس کے ذریعے تحقیقی طور پر فقہ تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔)

معلم بطرس بستانی کہتے ہیں:

**" علم الأصول ويقال أصول الفقه ؛ علم بأصول يعرف بها أدلة الفقه الإجمالية وطرق إستفادة جزئياتها وحال مستفيدها ، وموضوعه أدلة الفقه الإجمالية ، وحكمه : الوجوب العيني علىٰ من انفرد والكفائي علىٰ المتعدد وواضعه الإمام الشافعيؒ ۔'' (۱۵)**

(علمِ اصول کو علمِ فقہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایسے اصول کا علم ہے جس کے ذریعہ فقہ کی اجمالی تعریفوں کو پہچانا جاتا ہے، اس کی جزیات سے استفادہ کیا جاتا ہے۔ اس سے استفادہ کرنے والے کے حال کو بیان کیا جاتا ہے۔ اس کا موضوع فقہ کی اجمالی ادلّہ ہیں۔ اس کا حکم انفرادی طور پر 'وجوب عینی' اور اجماعی طور پر ''وجوب کفائی'' ہے۔ اس علم کو وضع کرنے والے امام شافعیؒ ہیں۔

فرید وجدی دائرۃ المعارف میں اصول فقہ کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

**" علم الأصول : إذ طلقت الأصول علىٰ علم فلا تنسرف إلّا إلىٰ أصول الفقه ، وهذا العلم أول من وضعه الإمام الشافعيؒ ؛ وهو علم دلائل الفقه الإجمالية وأسسه الأولية وهو بالنسبة للأحكام الشرعية بمنزلة المنطق للأمور العقلية ، من هنا صار لكل مذهب أصول متميّزة لأنها لم يختلف تبعاً لإختلاف أصولها " (۱۶)**

(**علم اصول:** جب اصول کا اطلاق علم پر کیا جاتا ہے تو اس کا اطلاق صرف اصول فقہ پر ہوتا ہے۔ اس علم کے وضع کرنے والے پہلے فرد امام شافعیؒ ہیں۔ یہ اجمالی فقہی دلائل کا علم، اور اولین بنیادی علم ہے۔ یہ علم احکام شریعہ کے حوالہ سے امور عقلیہ کے لیے منطق کے قائم مقام ہے۔ ہر مذہب کے امتیازی اصول اسی سے ہیں۔ کیونکہ یہ اصولوں کے اختلاف کے باعث مختلف نہیں ہوتا۔)

بدران ابوالعینین کی رائے میں اصول فقہ کی تعریف اس طرح سے ہے۔

**"هو مجموعة القواعد و البحوث التى يتوصل بها الى استنباط الاحكام الشرعية العلمية من ادلتها التفصيلية" (۱۷)**

(یہ قواعد و مباحث کا مجموعہ ہے جس کے ذریعے شریعت کے عملی احکام کا تفصیلی دلائل سے استنباط کیا جاتا ہے۔)

برصغیر پاک و ہند کے لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے احسانِ عظیم فرمایا کہ انہیں اسلام کی نعمت سے سرفراز فرمایا۔ اسلامی علوم بالخصوص علم اصول فقہ کے درس و تدریس میں برصغیر کے علماء کو ممتاز مقام

حاصل ہے، جنھوں نے اس عظیم الشان علم کی ترویج واشاعت کے لیے اپنی مساعی جمیلہ کو بہترین انداز میں بروئے کار لانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ اور انہی کی فکری کاوشوں کے نتیجہ میں اصول فقہ کی قدیم اور بیش قیمت کتابوں پر علمی حواشی اور تبصرے منقش ہوئے۔ برصغیر پاک وہند میں خصوصی طور پر مذہب حنیفہ کی بیشتر اصولی کتابوں کی تصنیف وتالیف ہوئی مثلاً منارالانوار، اصول البزدوی، اصول السرخسی، تنقیح الاصول، کتاب التوضیح، التلویح، تقویم الادلۃ، اصول الجصاص، المختصر، التحریر، التقریر، اصول الشاشی اور مسلم الثبوت وغیرہ اہمیت کی حامل ہیں۔

شیخ عبدالحی لکھنوی نے ''الثقافۃ الاسلامیہ فی الہند'' میں برصغیر پاک وہند کے علماء کی کثیر کتب کا تذکرہ کیا ہے جن میں فقہی، اصولی اور اجتہادی مسائل پر گفتگو کی ہے۔ اکثر علماء نے بنیادی اصولی کتب کی شروح اور حواشی تحریر کئے ہیں جن سے ان علماء کے تبحرِ علمی اور ثقاہت کا اظہار ہوتا ہے۔ (۱۸)

## مؤلّفِ مخطوط کے مختصر حالات زندگی:

مفتی عبدالسلام دیویؒ کا شمار برصغیر پاک وہند کے آسمانِ علم وعرفان پر چمکنے والے عظیم ستاروں میں ہوتا ہے۔ آپ کے آباء واجداد ایران کے صوبہ کرمان سے ہجرت کرکے ہندوستان میں آباد ہوئے۔ آپ کا سلسلۂ نسب اس طرح سے ہے۔ مفتی عبدالسّلام بن ابی سعید بن محبّ اللہ بن احمد بن عبدالرّحیم بن احمد الفیاض بن محمد اعظم حسنی کرمانوی دیوی (۱۹)۔ آپ کا شمار گیارہویں صدی ہجری کے جید علماء اور مغل شہنشاہ شاہجہان کے عہد کے عظیم امراء میں ہوتا ہے۔ آپ ملاّ عبدالکریم کے نواسے تھے۔۔۔۔۔ آپ صحیح النسب سید تھے (۲۰)۔ اور دیوہ کی نسبت سے دیوی کہلائے جو ضلع بارہ بنکی (لکھنو) کا ایک قصبہ ہے۔ (۲۱)

آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے نانا سے حاصل کی اور اپنے قصبے اور علاقے کے نامور علماء سے بھی علم حاصل کیا، پھر عازم لاہور ہوئے (۲۲)۔ دیوہ اور کاکوری میں ابتدائی تعلیم سے فارغ ہوکر ملاّ صاحب لاہور کے شہرہ آفاق مدرس ملاّ عبدالسّلام لاہوری کے حلقہ درس میں داخل ہوئے (۲۳)۔ مولانا شاہ تراب علی قلندر اپنی مشہور تصنیف کشف التواری (قلمی) میں لکھتے ہیں کہ ملاّ عبدالسّلام دیوی مخدوم عبدالحکیم کے شاگرد اور انہیں سے تربیت یافتہ تھے (۲۴)۔

تحصیل (علم) کے بعد، ایک زمانے میں آپ کو اپنے استاد کی جگہ لاہور میں تدریس کے

فرائض ادا کرنے کا بھی شرف حاصل ہوا (۲۵)۔ یہاں تک کہ فقہ، اصول فقہ اور کلام میں اپنے اقران ومعاصرین سے فوقیت لے گئے۔ آپ کے معاصرین میں مولانا محمد فاضل بدخشی اور مولانا عبدالطیف سلطان پوری قابل ذکر ہیں (۲۶)۔ ملاّ دانیال چوراسی، ملاّ عبدالقادر فاروقی اور ملاّ عبدالحلیم (والد قطب الدین شہید سہالوی) جیسے علماء آپ کے تلامذہ میں دکھلائی دیتے ہیں (۲۷)۔

شہنشاہ شاہجہان خود بھی فاضل دیوی کا احترام کرتا تھا اور آپ کے علم وفضل کے اعتراف میں شاہجہان نے آپ کو اپنے دیوان اور لشکر میں مناصبِ جلیلہ پیش کئے (۲۸)۔

خیر الزمان صدیقی کے بیان کے مطابق:

**"....شاهجهان بادشاه بسبب استادیش وتبحر علوم بسیار اکرام اومی کرد ونزد خود می نشاند ، سند افتائے اردو معلّٰی بنام ملا بود ، تا عرصه ممتد خدمت مذکور ازو تعلق می داشت "(۲۹)**

(بادشاہ شاہجہان بحیثیت استاد اور کثیر علوم میں آپ کی تبحر علمی کی وجہ سے، آپ کی بہت زیادہ عزت وتوقیر کرتا تھا۔ وہ آپ کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھا لیتا۔ اور سلطانی لشکر میں مفتی کے عہدہ پر فائز کیا۔ آپ عرصہ دراز تک اس منصب پر فائز رہے۔)

بادشاہ کے ساتھ اس قرب ووابستگی اور شاہی اعزاز واکرام کے باوجود آپ اپنے قول وفعل میں واضع اور فکر وبیان میں مطلق آزاد تھے اور یہ وابستگی آپ کو حق کی پہچان اور باطل کی نشاندہی سے نہ روک سکی۔ ایک مرتبہ شاہجہان کے ساتھ قلعہ شاہجہان آباد (جو کہ اس وقت زیر تعمیر تھا) کی فصیل پر چلنے کا اتفاق ہوا۔ مولانا کی جانب سے دیوار پر چلتے کچھ لڑکھڑاہٹ محسوس کرتے ہوئے بادشاہ آپ سے مخاطب ہوا:

**اے ملاّ! از مرگ ایں قدر می ترسی که بردیوار رفتن نمی توانی ؟**

(مولانا موت سے اس قدر خوف کہ دیوار پر چلنے کی بھی ہمت نہیں؟)

آپ نے برجستہ جواب دیا:

**چگونه ترسم چرا که مثل من هزار سال چرخ اگر زندد گرپیدانه شود و مانند بادشاه بسیار ممکن اند**

(کیوں نہ خوف کھاؤں کہ آسمان ہزار گردش کرے پھر بھی میری مثل پیدا نہیں ہوسکتا۔ لیکن تیرے جیسے بادشاہ زمانے میں ممکن ہے کثیر تعداد میں موجود ہوں۔)

بادشاہ مسکرا کر خاموش ہوگیا (۳۰)۔

اور اسی طرح ایک واقعہ بھی بیان کیا گیا ہے جس میں دین اسلام کے ساتھ وابستگی کی وجہ سے مفتی عبدالسّلام کے قول کی صراحت اور عدم خوف کی جھلک نظر آتی ہے۔

ایک دفعہ ولی عہد شہزادہ داراشکوہ نے اپنے والد سے کہا آپ زمین پر ظل الٰہی اور خلیفہ الرسول ؐ ہیں۔ لہٰذا تمام خواص وعوام اور اعلیٰ وکمتر پر واجب ہے کہ وہ آپ کی اطاعت و تعظیم کرے۔ تمام علماء اور عامتہ الناس آپ کا احترام کرتے ہیں سوائے مفتی عبدالسّلام کے۔ جبکہ انہیں قرآن وحدیث کی فہم بھی ہے اور اس فہم اور تدبّر کے باوجود وہ آپ کی ویسی تعظیم نہیں کرتے جیسی کہ ان پر واجب ہے۔ قرآن کی نص سے یہ بات عیاں ہے کہ "﴿أَطِيعُواْ اللّهَ وَأَطِيعُواْ الرَّسُولَ وَأُوْلِي الأَمْرِ مِنكُمْ﴾" (۳۱) اور وہ اس حکم کی تعمیل نہیں کرتے۔

شاہجہان نے سن کر خاموشی اختیار کی اور کوئی جواب نہ دیا۔ کچھ دنوں بعد شہزادہ نے شاہجہان سے دوبارہ اس کا ذکر کیا تو اس نے جواب دیا جب مفتی صاحب دربار میں حاضر ہوں تو ان سے اس آیت کا معنٰی اور تفسیر معلوم کرنا۔

ایک مجلس میں جہاں مفتی صاحب موجود تھے دارا شکوہ نے اُن سے اس آیت کا معنٰی دریافت کیا۔ مفتی صاحب نے کہا اس آیت کا مفہوم ومعنٰی بالکل واضح ہے۔ کہ تم پر واجب ہے کہ اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور اس کے نائب کی۔ شہزادہ نے سوال کیا: اس کا نائب کون ہے۔ مفتی صاحب نے جواب دیا۔ نائب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ شخص ہے جو لوگوں کو دین اسلام کی طرف راہنمائی کرے۔ اور اس کی تفسیر یہ ہے کہ بادشاہ کو چاہیے کہ وہ ہمارا ادب واحترام کرے۔ جب شہزادہ نے یہ سنا تو اس پر سکوت طاری ہوگیا اور کوئی بات کرنے کی استطاعت نہ رہی۔

شاہجہان نے مسکراتے ہوئے شہزادے سے کہا، سن لیا مفتی صاحب کا جواب (۳۲)"

بعض تذکرہ نگاروں نے اس نوعیت کے مزید واقعات کا ذکر کیا ہے جن سے مفتی عبدالسلام

دیوی کی عظمت کا بخوبی اظہار ہوتا ہے۔

شاہجہان کے عہد حکومت میں آپ کو شاہی لشکر میں مفتی کا عہدہ دیا گیا مگر لاہور کی آب وہوا پھر انہیں کھینچ لائی اور وہ یہاں ایسے جم کر بیٹھے کہ پھر نہ اُٹھے (۳۳)۔

ملّا عبدالسّلام دیوی کے کئی فرزند تھے وہ بھی اپنے وقت کے مشاہیر میں شامل تھے۔ان میں ملّا نور الہدیٰ، ملاّ نظام الدین احمد، ملاّ سید عبدالحفیظ، ملاّ عبدالباقی (شارح مثنوی مولانا روم) اور عبد الصمد مفسرِ قرآن کے نام اکثر تذکروں میں ملتے ہیں (۳۴)۔

مفتی عبدالسّلام دیوی نے اپنے ایک اور بیٹے عبدالمعالی کا ذکر بھی کیا ہے۔اور اپنی کتاب ''**الانشر احات المعالیه**'' کے مقدمہ میں کتاب کو اپنے بیٹے سے منسوب کیا ہے جو''نقوش''لاہور نمبر کے مطابق اُس کے زمانہ طالب علمی میں فنِ حکمت ومنطق میں تصنیف کی۔مگر خود مولّف نے کتاب کے مقدمہ میں کتاب کو اپنے بیٹے کی وفات کے بعد اس مرحوم ومغفوز کے اطمینانِ قلب کی خاطر لکھنے کا ذکر کیا ہے (۳۵)۔

''نقوش''لاہور نمبر میں مفتی عبدالسلام کی ایک بیٹی کا ذکر بھی ان الفاظ میں ہے آپ نے اپنے رہنے کے لیے قصبہ دیوہ میں ایک حویلی بھی بنوائی تھی جسے بعد میں آپ نے اپنی بیٹی کے نام ہبہ کر دیا (۳۶)۔مگر کسی تذکرہ میں آپ کی بیٹی کے نام کا علم نہیں ہوسکا۔

مفتی عبدالسّلام دیوی نے بہت سی کتابوں کی تصنیف وتالیف کی جن میں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | حاشیہ علی حاشیۃ الخیالی | ۲۔ | شرح علی المنار |
| ۳۔ | حاشیہ علی تفسیر البیضاوی | ۴۔ | حاشیہ علی شرح الصحائف (فی الکلام) |
| ۵۔ | حاشیہ علی ہدایۃ الفقہ | ۶۔ | شرح علی تہذیب المنطق |
| ۷۔ | حاشیہ علی التحقیق | | وغیرہ قابل ذکر ہیں (۳۷)۔ |

مولانا عبدالسلام دیوی کی درست تاریخ وفات کا علم نہیں ہوسکا۔عبدالحی لکھنوی مولّف ''نزہۃ الخواطر'' نے ایک قول نقل کیا ہے۔

**قال الصوفی فی ''اکسیر'' انه مات فی تسع و ثلاثین و الف (۱۰۳۹ھ)۔**

(صوفی نے اپنی کتاب اکسیر میں کہا ہے کہ یقیناً وہ (مفتی عبد السّلام دیوی) ۱۰۳۹ھ میں فوت ہوئے۔)(۳۸)

''بادشاہ نامہ'' کے مؤلّف نے سال ۱۰۴۷ھ کے واقعات بیان کرنے کے بعد علماء وفضلاء کے تذکرے میں ملا عبد السّلام دیوی کا ذکر شامل کیا ہے۔ جس کے یہ آخری الفاظ بتاتے ہیں کہ ملاّئے موصوف اس وقت (یعنی ۱۰۴۷ھ) تک زندہ تھے۔

''جن حضرات سے بادشاہ نے دعا اور نمازِ استسقاء کی درخواست کی تھی ان میں سید جلال الدین، مفتی عبد السّلام دیوی، شیخ مجیب علی سرہندی، مظہر بدائع اور شیخ ناظر شامل ہیں''(۳۹)۔

محمد اسحاق بھٹی مؤلّف ''فقہائے ہند'' کی رائے میں:

''شاہجہان کے دسویں سال کے جلوس کا سنہ ۱۰۴۶ھ ہے۔۔۔۔۔۔یعنی ۱۰۴۶ھ میں مفتی عبد السلام زندہ تھے'' (۴۰)۔

فہرست مخطوطات بانکی پور لائبریری کے مؤلّف نے مفتی عبد السّلام کی تاریخِ وفات ۱۰۴۲ھ بیان کی ہے۔ اور اس کی تائید میں ایک قطعہ تحریر کیا ہے۔

شیخ عبد السّلام مولانا اوستاذ سرھمہ فضلا
سالِ فوتش چو از خرد جستم خردم گفت افضل علما
(۱۰۴۲ھ) (۴۱)

شیخ مولانا عبد السّلام کا شمار تمام بڑے بڑے علماء کے اساتذہ میں ہوتا ہے۔
جب میں نے عقل سے ان کا سالِ وفات معلوم کیا تو عقل نے مجھ سے کہا ''افضل علما'' (۴۲)

## مخطوط کا تعارف

''**الانشر احات المعالیه**'' تالیف مفتی عبد السّلام دیوی (۴۳) جسے ہم نے تنقیدی جائزہ اور علمی تحقیق کے لیے منتخب کیا ہے، اس کا مخطوط پنجاب یونیورسٹی کی مرکزی لائبریری میں موجود'' فہرست مخطوطات'' میں ۲۹۳۴ نمبر کے تحت محفوظ ہے۔ یہ مخطوط بہتر حالت اور مکمل صورت میں ہے، جسے خط نسخ میں تحریر کیا گیا ہے۔ اور ۳۵۰ اوراق (۷۰۰ صفحات) پر مشتمل ہے۔ ہر صفحہ ۲۲x۱۴ سینٹی میٹر سائز کا ہے جس پر ۱۷ سطریں تحریر ہیں۔ مخطوط پر اس کے موضوع کے بارے میں کچھ درج ہے،

اور نہ ہی اس کے کاتب اور تاریخ کتابت کے بارے میں کوئی وضاحت ملتی ہے۔

اس کتاب کا دوسرا مخطوط بانکی پور لائبریری انڈیا میں زیر نمبر ۱۵۰۸ موجود ہے۔ اور ''الشرح علی المنار'' کے نام سے درج ہے۔ جو ۲۴۰ اوراق (۴۸۰ صفحات) پر مشتمل ہے۔ جسے ہم نے مائیکرو فلم کی صورت میں حاصل کیا، خستہ حالت میں اور دونوں اطراف سے ناقص ہے۔

مخطوط ابتداء میں ناقص ہے جس کے باعث مولّف فہرست مخطوطات بانکی پور لائبریری اس کے اصل نام سے متعارف نہیں ہوسکا۔ کیونکہ اس کی ابتداء بغیر مقدمہ کے، اوران الفاظ سے ہوتی ہے۔

**"قوله " بسم الله الرحمن الرحيم " بدأ كتابه بأن جعله مبدأه ........" (۴۴)**

اوراسی طرح آخر میں بھی ناقص ہے اوراس پر کاتب کا نام اور نہ ہی تاریخ کتابت درج ہے۔ جبکہ جامعہ پنجاب میں موجود قلمی نسخہ مقدمہ کے ساتھ ہے اور اس کی ابتداء درج ذیل عبارت سے ہوتی ہے۔

**''الحمد للّٰه الذى دلّ على وجوده بتكوين المخلوقات ........"**

یہ مخطوط جسے ہم نے اپنی علمی تحقیق کے لیے منتخب کیا ہے، موضوع کے لحاظ سے نادر اور نوعیت کے لحاظ سے یکتا ہے۔ اس قلمی نسخے کا موضوع علم اصول فقہ ہے۔ یہ مخطوط دراصل ابوالبرکات عبد اللہ بن احمد المعروف حافظ الدین نسفیؒ (متوفی ۷۱۰ ھ)(۴۵) کی کتاب ''منارالانوار'' (منارالاصول) (۴۶) کی شرح ہے۔ جس کا اظہار خود موٴلّف نے مقدمہ کتاب میں ان الفاظ کے ساتھ کیا ہے۔

**" ثم المختصر الموسوم بمنار الأصول من مصنفات حافظ الملة والدين أبي البركات النسفي برد الله مضجعه لما كان جامعاً لمسائل أصول الشيخين فخر الإسلام البزدوى(۴۷) وشمس الأئمة السرخسي(۴۸) وكان خالياً من غبار كلام الأشعرية(۴۹) والمعتزلة (۵۰) فاخترت تحرير مسائله وتبيين مبانيه من المسائل الكلامية" (۵۱)**

(یہ کتاب بعنوان ''منارالاصول'' حافظ ملت ودین ابوالبرکات نسفی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف میں سے ہے۔ جو کہ دو عظیم شخصیات فخر الاسلام بزدویؒ اور شمس الائمہ سرخسیؒ کے مسائل اصول کی جامع ہے، اشعریہ اور معتزلہ کے کلام کی گرد سے صاف ہے۔ لہٰذا میں نے مسائل کلامیہ میں اس کے مسائل

واصول کے تحریر کرنے کا انتخاب کیا ہے۔)

عبارت مذکورہ میں فاضل مؤلف نے ''المنار'' کی جن دو امتیازی خصوصیات کا ذکر کیا ہے۔

اول: کتاب المنار فخر الاسلام بزدویؒ اور شمس الائمہ سرخسی کی کتب سے بے نیاز کر دیتی ہے۔

دوم: یہ کتاب اشاعرہ اور معتزلہ کے مباحث کلامیہ سے پاک ہے۔

بعد ازاں فاضل شارح نے اپنی شرح کا اسلوب بھی واضح کر دیا ہے۔

نیز متنِ کتاب کے الفاظ و معنی کی عمومی تشریح کے علاوہ ان تمام مقامات کی خاص توضیح کر دی ہے جہاں مسائل کلامیہ کے حوالہ جات آتے ہیں۔ اور حسب ضرورت ہر مسئلہ کا کلامی پس منظر بھی بیان کر دیا ہے۔ مفتی عبدالسّلام نے کتاب کے مقدمہ میں اس کی وضاحت ان الفاظ میں کی ہے:

**" فاخترت تحرير مسائله وتبيين مبانيه من المسائل الكلامية ـ كمسئلة القدر ـ أهي علة للفعل أو شرط له ، والعدم معلل أم لا ، والحال متحققة أم لا .. فذكرت تحت كل مسئلة مبناها إن دعت الحاجة إليه ....'' (۵۲)**

(میں نے مسائل کلامیہ میں سے مسائل اور اصول تحریر کرنے کا انتخاب کیا ہے جیسے کہ مسئلہ قدر، کیا یہ فعل کی علت ہے یا شرط۔ اور عدم، معلل ہے یا نہیں۔ اور حال، محقق ہے یا نہیں۔ اور میں نے ہر مسئلہ کے تحت جہاں جہاں ضرورت محسوس ہوئی اس کا اصول ذکر کر دیا ہے۔)

بعض تذکرہ نگاروں نے مفتی عبدالسلام دیوی کے مرتب کردہ ''شرح منار الاصول'' اور ''الانشراحات المعالیہ'' کو مؤلف کی دو الگ الگ تصانیف شمار کیا ہے۔ درحقیقت ''الانشراحات المعالیہ'' ہی منار الانوار کی شرح ہے جس کے بارے میں مؤلف نے اپنے مقدمۂ کتاب میں ان الفاظ سے توجہ دلائی ہے۔

**" ولما كان الداعي لهذا التأليف الولد المغفور المبرور أبو المعالي (۵۳) وكان تحريراً مفيداً لإنشراح خاطره سميته بـ " الإنشراحات المعالية '' (۵۴).**

(اس کتاب کی تالیف کا باعث میرا نیک صفات مرحوم و مغفور بیٹا عبدالمعالی ہے اور یہ

کتاب اُس کے دل کی آسودگی کا باعث بنے گی۔ اسی لیے میں نے اس کا نام ''الانشراحات المعالیہ'' رکھا ہے۔)

اسی طرح مخطوط کے خاتمہ پر کاتب نے اپنا نام اور تاریخ لکھے بغیر اس کا اختتام کرتے ہوئے ''الانشراحات المعالیۃ'' کو شرح المنار قرار دیا ہے۔

**" قد وقع الفراغ من تسوید شرح المنار المسمیٰ بالإنشراحات المعالیة في علم الإصول من مصنفات ملا عبد السلام رحمة الله علیه "(۵۵).**

(علم اصول فقہ میں کتاب المنار کی شرح ''الانشراحات المعالیہ'' جو ملّا عبدالسّلام رحمتہ اللہ علیہ کی تصنیفات میں سے ہے، کے مسودہ کی تحریر سے فراغت حاصل ہوئی۔)

## الانشراحات المعالیہ کی امتیازی خصوصیات:

کتاب اپنے انداز تالیف کے باعث امتیازی حیثیت رکھتی ہے۔ مؤلف نے اس میں فقہاء کے انداز پر گفتگو کرنے کے ساتھ ساتھ احکامات کی بحث میں متکلمین کے طریقہ کو جمع کر دیا ہے۔ یہ مخطوط اپنے مختلف امتیازات کی وجہ سے برصغیر کے علماء کی تالیفات میں جداگانہ اور ممتاز مقام پر فائز ہے، اور کتاب کو اس خطہ ارضی میں مرتب کردہ اہم اصولی مصادر میں شمار کیا جا سکتا ہے۔ اس مخطوط کے امتیازات کا اجمالی جائزہ لیا جائے تو درج ذیل اہم نکات سامنے آتے ہیں۔

☆ جس زمانہ میں مؤلّف کی نشو ونما ہوئی وہ مغل شہنشاہ شاہجہان کا عہد حکومت تھا۔ مؤلّف کی تحریروں میں اس دور کے شیعہ اور سنّی افکار و اعتقادات میں اختلافات کی جھلک نظر آتی ہے۔ مثال کے طور پر جہاں انہوں نے صراطِ مستقیم کی شرح کی ہے۔ واضح طور پر دیکھائی دیتا ہے کہ مؤلّف کا اس بات پر اصرار ہے کہ اس راستہ پر منزل کا حصول اتباع شیخین ابوبکرؓ اور عمرؓ کے بغیر ممکن نہیں۔

اُن کے الفاظ میں:

**"......قوله (الصراط المستقیم.....) و هی ملة الإسلام ولایتوصل الیها مصونة عن البدعة إلّا بإقتفاء أبي بکرؓ وعمرؓ الذین أثبتا الدین بعد وفاته ﷺ حین ارتد القوم ومنعوا الزکاة**

**......فلذا فسر الفقيه أبو الليث الصراط المستقيم بصراط أبي بكرؓ وعمرؓ...''(۵٦).**

(یہ ملت (دین) اسلام ہے۔اور بدعات سے بچ کر اس تک پہنچنا اُس وقت تک ممکن نہیں جب تک حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی اتباع و پیروی نہ کی جائے۔جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد دین کی بنیادوں کو مضبوط کیا۔اُس وقت جبکہ لوگ مرتد ہوگئے اور زکوٰۃ کی ادائیگی سے منکر ہو گئے تھے۔اسی لیے فقیہ ابواللیث نے صراط مستقیم کی تفسیر صراطِ ابوبکرؓ وعمرؓ کی ہے۔)

☆ باوجود اس کے کہ مؤلف کا حنفی مکتبۂ فکر سے تعلق ہے۔مگر انہوں نے علمی مباحث میں اپنے دور میں مروج تمام مذاہب اور مکاتب فکر مثلاً حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ، حنابلہ، اشاعرہ، معتزلہ، ماتریدیہ کے افکار سے استفادہ کیا ہے اور اُن مذاہب کی آراء کا علمی جائزہ لینے کے بعد بغیر کسی مذہبی تعصب کے ان میں سے احسن رائے کا انتخاب کیا ہے۔اس طرح یہ کتاب علم اصول فقہ میں ایک قیمتی اضافہ اور اثاثہ ثابت ہوئی ہے۔

☆ مولّف نے فقہ حنفی کے جن عظیم فقہاء کی کتابوں سے استفادہ کیا ان میں امام ابوحنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ، امام محمدؒ، امام خصافؒ اور امام طحاویؒ قابل ذکر ہیں۔اسی طرح فقہ شافعیہ کے عظیم فقہاء جن میں امام شافعیؒ کے علاوہ امام مزنیؒ، امام غزالیؒ، امام رافعیؒ، امام نوویؒ، امام سیوطیؒ اور امام سبکیؒ نمایاں نظر آتے ہیں، کی کتابوں سے اہم مضامین شامل کئے ہیں۔

☆ فقہاء کی آراء کے ساتھ ساتھ مولّف نے اس میں اکابر علماء اصولیّین کی آراء کو شامل کیا ہے۔جن میں قاضی عبدالجبار معتزلیؒ، ابن شریحؒ، امام غزالیؒ، قاضی ابوبکر باقلانیؒ، ابوالحسین بصری معتزلیؒ، ابن حاجبؒ، امام الحرمین جوینیؒ، امام کرخیؒ، کے علاوہ بہت سے عظیم مفکرین شامل ہیں۔جس سے کتاب کی اہمیت میں بہت اضافہ ہوگیا ہے اور یہ فقہ کی نادر دستاویز بن گئی ہے۔

☆ مولّف نے بڑے احسن انداز میں اختصار سے کام لیا ہے کہ محسوس ہوتا ہے جیسے دریا کو

کوزے میں بند کر دیا ہے مگر جہاں وضاحت کی ضرورت پیش آئی وہاں ضروری وضاحت بھی کر دی ہے۔اور ایسی فصیح و بلیغ وضاحت کی ہے کہ قاری دم بخود رہ جاتا ہے۔

کتاب ''الانشراحات المعالیہ'' بہت عمیق علمی مباحث پر مشتمل، بے نظیر و بے مثال حیثیت رکھتی ہے۔ یہ اصولِ فقہ پر ایک انسائیکلوپیڈیا ہے اور مولّف کے علم، ذہانت، فطانت، قوت حافظہ، فقہ اور اصول فقہ میں نظر عمیق پر دلیل ناطق ہے۔اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ یہ کتاب مولّف کی حیات میں ہی شہرہ آفاق ہو گئی۔اسی سے اس شرح کی جامعیت، افادیت اور کثرتِ مواد و معلومات کا اندازہ ہو جاتا ہے۔(۵۷)

ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے نادر اور نایاب علمی خزانوں کی تحقیق و تدوین کے بعد اشاعت کا بندوبست کیا جائے تاکہ اہل علم اور طلباء ان سے مستفید ہو سکیں۔

☆☆☆☆

# مصادر و مراجع


(۱): التوبہ ۹:۱۲۲ (۲): التوبہ: ۹: ۸۷ (۳): طہ ۲۰: ۲۷۔۲۸ (۴): بنی اسرائیل ۱۷: ۴۴.

(۵): النساء ۴: ۸۷ (۶): بخاری کتاب الایمان باب: من یرد اللہ بہ خیرا، ص (۷۱).

(۷): مسند الطیالیسی، باب: دخل النبی ﷺ المسجد، ص (۲۲۵۱).

(۸): مجمع الزوائد، باب فی التعلیم (جلد اول/ ۲۹۲) حدیث نمبر (۸۴۷).

(۹): مجمع الزوائد، باب فی فضل العلم (جلد الثالث/ ۲۰۸) حدیث نمبر (۱۸۴).

(۱۰): جامع الاحادیث، (جلد ۷/ ۱۵۶) حدیث نمبر (۲۱۶۸۶).

(۱۱): جامع الاحادیث، ( جلد ۶/ ۴۴۸) حدیث نمبر (۱۹۷۹۰).

(۱۲): غزالی، الامام حجۃ الاسلام محمد بن محمد، المستصفیٰ ( جلد ۱/ ۳)، مطبعۃ الامیریۃ، ۱۳۲۲ھ.

(۱۳): حاجی خلیفہ، مصطفیٰ بن عبداللہ حنفی، کشف الظنون (۱۱۳)، دار الفکر، بیروت، ۱۴۰۲ھ.

(۱۴): صدر الشریعہ، عبید بن مسعود حنفی، التنقیح (۲۰)، مطبعۃ الخیریہ، قاہرہ، ۱۳۲۲ھ.

(۱۵): معلم بطرس بستانی/ دائرۃ المعارف (۳/ ۷۴۸).

(۱۶): وجدی: محمد فرید، دائرۃ المعارف، مکتبۃ المثنی، بغداد ص ۳۸۶

(۱۷): العینین، بدران، اصول الفقہ، قاہرہ، ۱۹۶۵ء ص ۳۱

(۱۸): لکھنوی: عبدالحی بن فخر الدین الحسینی، الثقافۃ الاسلامیۃ فی الھند (۱۲۶۔۱۲۷)، مطبوعات مجمع العلمی، دمشق، ۱۳۷۷ھ.

(۱۹): بھٹی محمد اسحاق، فقہاء ہند (جلد ۴، حصہ ۲، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔ صفحہ ۱۱۲).

(۲۰): محمد طفیل، نقوش لاہور نمبر، ادارہ فروغ اردو، لاہور پاکستان۔ ۱۹۶۲، ص (۵۰۶).

(۲۱): کوکب: عبدالنبی، فہرست مخطوطات جلد اوّل، جامعہ پنجاب ص (۹۰).

(۲۲): محمد طفیل، نقوش لاہور نمبر، ادارہ فروغ اردو، لاہور پاکستان۔ ۱۹۶۲ ص (۵۰۶).

(۲۳): کوکب: عبدالنبی، فہرست مخطوطات جلد اوّل، جامعہ پنجاب ص (۹۰).

(۲۴): محمد طفیل، نقوش لاہور نمبر، ادارہ فروغ اردو، لاہور پاکستان۔ ۱۹۶۲، ص (۵۰۶).

(۲۵): کوکب: عبدالنبی فہرست مخطوطات جامعہ پنجاب جلد اوّل، ص (۹۰).

(۲۶): محمد طفیل ،نقوش لاہور نمبر، ادارہ فروغ اردو، لاہور پاکستان ۔۱۹۶۲، ص (۵۰۶۔۵۰۷).
(۲۷): کوکب: عبدالنبی فہرست مخطوطات جامعہ پنجاب جلد اوّل ص (۹۰).
(۲۸): حوالہ سابق۔
(۲۹): صدیقی: خیر الزمان ، باغ و بہار (مخطوط) ،ص ۲.
(۳۰): محمد طفیل، نقوش لاہور نمبر، ادارہ فروغ اردو، لاہور پاکستان ۔۱۹۶۲، ص (۵۰۶).
(۳۱): النساء: ۵۹.
(۳۲): صدیقی: خیر الزمان ، باغ و بہار (مخطوط)، ص ۷.
(۳۳): کوکب: عبدالنبی، فہرست مخطوطات جامعہ پنجاب جلد اوّل ص (۹۱).
(۳۴): محمد طفیل ،نقوش لاہور نمبر، ادارہ فروغ اردو، لاہور پاکستان ۔۱۹۶۲ء ص (۵۰۷).
(۳۵): دیکھیے حوالہ نمبر ۵۳
(۳۶): محمد طفیل ،نقوش لاہور نمبر، ادارہ فروغ اردو، لاہور پاکستان ۔۱۹۶۲ء ص (۵۰۷).
(۳۷): بھٹی: محمد اسحاق ،فقہاء ہند جلد چہارم حصہ دوئم ،ادارہ ثقافت الاسلامیہ لاہور۔ ص ۱۱۲
(۳۸): لکھنوی: عبدالحی بن فخر الدین حسینی ،نزہۃ الخواطر ..جلد پانچ مجلس ادارہ معارف عثمانیہ حیدر آباد دکن انڈیا، صفحہ ۲۲۳
(۳۹): لاہوری: عبدالمجید، بادشاہ نامہ جلد اوّل، حصہ دوم ص ۳۴۳.
(۴۰): بھٹی: محمد اسحاق ،فقہاء ہند جلد چہارم حصہ دوم، ادارہ ثقافت الاسلامیہ لاہور۔ ص ۱۱۳.
(۴۱): دیکھیے فہرست مخطوطات (بانکی پور لائبریری) ہندوستان ص ۴۵.
(۴۲): الفاظ کے اعداد جمع کیے جائے تو تاریخ وفات سنہ ۱۰۵۲ بنتی ہے۔
(۴۳): ملاّ عبدالسّلام اعظمی دیوہ (اعظم گڑھ) کے رہنے والے تھے۔ (دیوہ کو اعظم گڑھ اور اسی نسبت سے مولانا کو اعظمی کہا ہے)۔ (تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند، جلد ۲، جامعہ پنجاب، لاہور، ۱۹۷۲ء. ص ۲۹۹
(۴۴): دیکھیے فہرست مخطوطات، بانکی پور لائبریری، ہندوستان ص ۴۵.
(۴۵): نسفی : عبداللہ بن احمد بن محمود حافظ الدین ابو البرکات حنفی، متوفی سنہ (۷۱۰ ھ) ہدیۃ العارفین ،منشورات مکتبہ المثنی بغداد (۱/۴۶۴).
(۴۶): دیکھیے ''المنار'' دار الکتب العلمیہ ، بیروت ۱۴۰۶ھ/ ۱۹۸۶ء
(۴۷): بزدوی، امام فخر اسلام: شیخ الحنفیہ ، عالم ماوراء النہر، ابو الحسن علی بن محمد ، (۴۸۲ ھ) ہدیۃ العارفین

،منشورات مکتبہ المثنی بغداد (۶۹۳/۱).

(۴۸): سرخسی: شمس الائمہ محمد بن احمد بن ابی سہل سرخسی المتوفی (۴۸۳ ھ): کشف الظنون ،منشورات مکتبہ المثنی بغداد (۱۵۸۰/۲).

(۴۹): اشعریہ/اشاعرۃ: اسلامی فرقہ کلامیہ جس کے بانی ابوالحسن اشعری متوفی (۳۲۴ ھ)، الموسوعۃ المیسرۃ فی الادیان والمذاہب

دارالندوہ العالمیہ للطباعۃ والنشر والتوزیع، ریاض (۸۷/۱).

(۵۰): معتزلہ: فرقہ اسلامیہ، اموی دور میں ظاہر ہوا اور عباسی طور پر عروج حاصل ہوا۔ الموسوعۃ المیسر ہ فی الادیان والمذاہب، دارالندوہ العالمیہ للطباعۃ والنشر والتوزیع، ریاض (۴۹/۱)..

(۵۱): دیکھئے تحقیق مخطوط ''الانشراحات المعالیہ''، ص ۲۵

(۵۲): دیکھئے تحقیق مخطوط ''الانشراحات المعالیہ''، ص ۲۵

(۵۳): ابوالمعالی: مولف کا بیٹا جو علوم کثیر میں عالم متبحر تھا، (نقوش لاہور ص نمبر ۵۰۶)

(۵۴): کوکب: عبدالنبی فہرست مخطوطات جامعہ پنجاب جلد اوّل، ص (۹۰).

(۵۵): دیکھئے تحقیق مخطوط الانشراحات المعالیہ، ص ۴۴۶

(۵۶): دیکھئے تحقیق مخطوط الانشراحات المعالیہ، ص ۴۳.

(۵۷): تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند، جلد ۲، جامعہ پنجاب، لاہور، ۱۹۷۲ء. ص ۳۰۰

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 35, Sr.No.96, 2014, pp 29 - 42

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد۳۵،جنوری۔مارچ ۲۰۱۴ء،شمارہ ۹۵

# مسلم معاشرے میں ترجیحاتِ نکاح
## (قرآن وسنت کی روشنی میں)

صباحت رمضان سیالوی☆

**Abstract:**

To perform marriage(Nikah) is the graceful and convenient source of meeting of man and woman.Which is introduced in various shapes of every religion.Islam has made Nikah so simple and convenient like other things but with time to time it becomes more difficult and complicated.The one of its particular reasons is based on lack of balance in the priorities of it,not having accurate knowlegde and realistic meaning about the conditions of Nikah.It has been discussioned as under subject for making this islamic Nikah much easier.Nikah has been determined with accurate preferences in the light of Quran and Sunnah,sothat this important and great act has been continued in every class of Pakistani muslim society.

مرد وعورت پر مشتمل انسانی معاشرہ ایک دوسرے کے وجود سے غافل یا بے نیاز نہیں رہ سکتے،قدرت نے دونوں کوفطری قانون کے تحت ایک دوسرے کی ضرورت بنایا ہے یہی ضرورت محبت کی صورت میں رشتۂ ازدواج قائم کر کے خاندان کے قیام کا سبب بنتی ہے،اللہ تبارک وتعالی نے قرآن کریم میں ارشادفرمایا۔

---

☆ ایم فل اسکالر،منہاج یونیورسٹی،لاہور

**وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ أَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً إِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ(۱)**

اسکی نشانیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اس نے تمہارے لیے تم ہی میں سے جوڑے پیدا کیے تا کہ تم ان سے سکون حاصل کرو، اوراس نے تمہارے درمیان محبت ورحمت پیدا کردی، بے شک اس میں غوروفکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

محولہ بالا آیۃ مبارکہ میں ایک طرف انسان کی دوجنسی تقسیم میں تخلیق کی حکمت بیان کی گئی ہے تو دوسری طرف اس رشتے کے فوائد کو خوبصورت پیرائے میں ذکر کیا گیا ہے۔اللہ عزوجل نے مرد کی ذات میں عورت کے لیے اور عورت کی ذات میں مرد کے لیے تخلیق کردہ محبت سے مربوط فطری سکون کا ذکر کیا ہے اور فطری محبت اور لگاؤ کا یہی قانون زوجیت کی اساس ہے۔

دنیا کی ہر قوم میں مذہب سے قطع نظر شادی ہی وہ طریقہ ہے جو نسلِ انسانی کی نمو کے لیے باعزت اور قابلِ قبول طریقہ سمجھا اور اختیار کیا جاتا ہے اسلام میں شادی کے لیے لفظ نکاح استعمال کیا گیا ہے اسلام میں نکاح مردوعورت کے مابین ایک شرعی تعلق کا نام ہے نکاح کا لفظی معنیٰ ''اَلْوطْءُ،وَالْعَقْدُ لَهٗ '' (۲) یہ لفظ ''نَكَحَ '' سے بنا ہے جبکہ نکاح کا لغوی معنیٰ شادی ہے ''نَكَحَ الْمَرْأَةُ '' عورت سے شادی کرنا (۳) لفظ نکاح شریعتِ اسلامی کی ایک معروف اصطلاح ہے جس کا اطلاق شوہر اور بیوی کے ازدواجی معاہدے پر ہوتا ہے عبدالرحمٰن الجزیری نے نکاح کا معنی وابستگی اور پیوستگی کے بیان کیے ہیں (۴) نکاح بنیادی طور پر دو غیر محرم مردوعورت کو ایک معاہدے سے وابستہ کر نے کے بعد دونوں کو ایک ایسے رشتے سے جوڑ دیتا ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے وابستہ ہو جاتے ہیں۔ نکاح ایک بنیادی اور فطری ضرورت ہے اسلام میں نکاح کا سب سے بڑا مقصد پاکیزہ معاشرے کا قیام ہے اور نکاح کا سب سے بڑا فائدہ نسلِ انسانی کی بقاء ہے۔اسلام میں نکاح ایک دینی و مذہبی عمل بھی ہے، یہ ایک گہرا تمدنی ،اخلاقی اور قلبی تعلق ہے، یہی وجہ ہے کہ اسلام نے نکاح کے اصول وضوابط مقرر کیے ہیں اور فریقین کو حقوق کی ادائیگی کا پابند کیا ہے تا کہ شوہر اور بیوی ایک

دوسرے کے حقوق درست طریقے سے ادا کریں اور باہم حق تلفی سے محفوظ رہیں۔

کسی بھی کام کو سرانجام دینے کے لیے جو انداز اختیار کیا جاتا ہے اسے طریقہ کہا جاتا ہے اور کام کو بہترین طریقے سے سرانجام دینا اس کام کا ادب کہلائے گا، نکاح کا ادب یہ ہے کہ نکاح کے انعقاد و قیام میں ترجیحاتِ نکاح وشرائط نکاح کو ملحوظ رکھا جائے کامیاب نکاح کی بقاء اسکے مقاصد و فوائد کے حصول پر منحصر ہے اس کے لیے نکاح کی حقیقت سے واقفیت شرط ہے، انعقادِ نکاح کے دو رکن ہیں جو نکاح کا جزو ہیں جن کے بغیر نکاح منعقد نہیں ہوتا جیسا یجاب وقبول، ایجاب سے مراد یہ ہے کہ فریقین میں سے مرد یا عورت نکاح کے الفاظ ادا کرے اور دوسرے فریق کا اثبات میں جواب دینا اور نکاح کو اختیار کرنا قبول کہلاتا ہے اور ایجاب وقبول کا ایک ہی مجلس میں ہونا شرط ہے، ایجاب و قبول کے لیے ماضی کا صیغہ کہا جائے گا(۵)،عورت اگر عاقلہ و بالغہ ہے تو اسے نکاح کا اختیار ہے ورنہ اسکی اجازت ولی پر موقوف ہے، نکاح کی بنیادی شرائط فریقین کا راضی ہونا ،دو گواہوں کا ہونا، اور گواہ سے مراد دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتیں ہیں، جبکہ گواہوں میں چار باتیں شرط ہیں آزادی، عقل، بلوغ اور اسلام۔حقِ مہر، حسبِ استطاعت شوہر اور بیوی کا رضامندی کے ساتھ مہر مقرر کرنا(۶) اور اس کی اساس قرآن کی آیت ہے۔

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحۡلَةً فَاِنۡ طِبۡنَ لَكُمۡ عَنۡ شَىۡءٍ مِّنۡهُ نَفۡسًا فَكُلُوۡهُ هَنِيۡٓــًٔا مَّرِیۡٓــًٔا (۷)

اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دے دیا کرو، ہاں اگر وہ اپنی خوشی سے اس میں سے کچھ تم کو چھوڑ دیں تو اسے ذوق وشوق سے کھالو۔

مسلمان مرد کا کافرہ یا مشرکہ عورت سے نکاح نہیں ہوسکتا مگر کتابیہ سے کیا جائے تو ہو جائے گا جبکہ مسلمان عورت کا نکاح کافر، مشرک یا کتابی مرد سے ناجائز وحرام ہے(۸)۔

نکاح کرنے کے اعتبار سے عورتوں کی دو قسم ہے ایک وہ جن سے نکاح جائز ہے دوسری وہ جن سے وقتی یا دائمی نکاح ناجائز وحرام ہے وہ عورتیں جو نامحرم ہیں ان سے نکاح جائز وحلال ہے

دوسری وہ جومحرمات ہیں مثلاً ماں، بہن، نانی، دادی، پھوپھی اور خالا وغیرہ یہ وہ عورتیں ہیں جن سے ہمیشہ کے لیے نکاح حرام و ناجائز ہے جبکہ کچھ عورتیں ایسی ہیں جن کے ساتھ رشتہ داری جڑنے کی بنا پر نکاح ناجائز وحرام ہے مثلاً خالا بھانجی یا پھوپھی بھتیجی سے بیک وقت نکاح حرام ہے(۹)۔

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُجْمَعُ بَیْنَ الْمَرْأَةِ وَ عَمَّتِهَا ، وَلَا بَیْنَ الْمَرْأَةِ وَ خَالَتِهَا.(۱۰)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کسی عورت اوراس پھوپھی اور کسی عورت اوراس کی خالہ کو نکاح میں جمع نہ کیا جائے۔

نکاح کا تحریری ریکارڈ ضروری ہے نکاح درست ہونے کے لیے رجسٹرڈ ہونا شرط نہیں ہے مگر پاکستان میں مسلم فیملی لاء آرڈیننس 1961ء کی رو سے ہر وہ نکاح جو اسلامی قوانین کے مطابق ہو اس کا رجسٹرار نکاح کے پاس اندراج ہونا ضروری ہے اگر ایسا نہیں کیا گیا تو یہ قابلِ سزا جرم ہے نکاح کو رجسٹرڈ کرنے کی غرض سے ہر نکاح رجسٹرار رجسٹرڈ برائے اندراج نکاح کو منظّم کرتا ہے(۱۱) مسلم فیملی لاء آرڈیننس 1961 کی دفعہ ۱۰ میں حق مہر کا ذکر ہے اس دفعہ کی رو سے اگر نکاح نامے میں حق ِ مہر کی ادائیگی کی تخصیص نہ کی گئی تو پورے حقِ مہر کی ادائیگی لازمی ہوجائے گی (۱۲) نکاح ورخصتی کے بعد بیوی کا کھانا پینا، لباس، رہنے کے لیے مکان اور دیگر ضروریاتِ زندگی اس کے شوہر کے ذمہ ہے شرعی اصطلاح میں اسے نفقہ کہتے ہیں جو شوہر کے ذمہ واجب ہے اس کا واضح ثبوت قرآنِ کریم کی آیتِ مبارکہ سے ملتا ہے۔

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَافَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَ بِمَا أَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ (۱۳)

مرد عورتوں کے سربراہ ہیں، اس لیے کہ اللہ نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اور اس وجہ سے کہ انہوں نے مال خرچ کیے حق مہر اور نفقہ کے لیے۔

نکاح کی شرعی حیثیت سنت ہے آپ ﷺ نے فرمایا۔

اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِیْ وَفِیْ حَدِیْثٍ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ. (۱۴)

نکاح میری سنت سے ہے اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ جس نے میری سنت سے اعراض کیا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

نکاح کے لیے یہ بھی مستحب ہے کہ اعلانیہ ہو، نکاح سے پہلے خطبہ ہو جو حدیث میں وارد ہے، مسجد میں ہو، جمعہ کے دن ہو، گواہوں کے سامنے ہو، عورت عمر، حسب، مال، عزت میں مرد سے کم ہو، اخلاق وتقوی و جمال میں بیش ہو (۱۵) نکاح کے لیے شوال کے مہینے کا بھی ذکر ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَاقَالَتْ تَزَوَّجَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّی اللّٰه عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ شَوَّالَ، وَبَنٰی بِیْ فِیْ شَوَّالَ فَأَیُّ نِسَاءِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ أَحْظٰی عِنْدَهٗ مِنِّیْ (۱٦)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شوال میں مجھ سے شادی فرمائی، شوال میں ہی پہلی بار رات کو میرے پاس تشریف لائے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں مجھ سے بڑھ کر آپ کو کون آپ کو پسندیدہ تھی؟

نکاح اعلانیہ اور مسجد میں کیا جانا زیادہ پسندیدہ ہے خفیہ نکاح کیا تو ہو جائے گا مگر ناپسندیدہ ہوگا جبکہ اس سے معاشرتی مسائل بھی پیدا ہوں گے، اور مسجد میں نکاح کی بڑی حکمت یہ ہے کہ مسجد سے بڑھ کر بابرکت جگہ اور کوئی نہیں، یہ وہ جگہ ہے جو اللہ کی عبادت کے لیے وقف ہے اور نکاح میں اللہ کے عبادت گزار لوگ بھی اس نیک کام میں شریک ہوں گے اور ان کی دعائیں بھی یقیناً شاملِ نکاح ہو جائیں گی، مسجد میں جگہ بھی وسیع ہوتی ہے نکاح میں رشتے داروں اور دوست احباب جمع ہوتے ہیں جن کے لیے وسیع جگہ درکار ہوتی ہے مسجد میں نکاح کرنے سے یہ سہولت بھی میسر آ جائے گی، چنانچہ حدیث پاک میں ہے۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
فَصْلُ مَا بَیْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ الدَّفُّ وَالصَّوْتُ فِی النِّكَاحِ (۱۷)

حضرت محمد بن حاطب سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حلال و حرام (نکاح و زنا) کے درمیان فرق دف اور نکاح کو اعلانیہ کرنے سے ہے۔

دف بجانا اور اس دف کے ذریعے نکاح کا اعلان کرنا سنت ہے، ربیع بنت معوذ سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ جس رات میں دلہن بنی اس کے دوسرے دن رسول اللہ ﷺ تشریف لائے کنیزیں دف بجا بجا کر گا رہی تھیں (۱۸) نکاح خوشی کا موقع ہے اسی لیے دف بجا کر خوشی منانے کی اجازت دی گئی ہے اور ایک حکمت ہے کہ دف کی آواز گویا شادی کا اعلان بھی ہے۔

شادی کے ارادے کے بعد سب سے پہلا مرحلہ مناسب رشتے کی تلاش ہے اس کے لیے جو معیار اسلام نے سمجھایا ہے وہی شادی میں آسانی پیدا کر سکتا ہے اور وہی شادی کو قائم رکھنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے بصورت دیگر جو معیار ہم نے وضع کیے ہوئے ہیں وہ نا صرف ہمارے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہیں بلکہ طلاق کی شرح میں اضافہ کا باعث بھی ہیں پاکستانی معاشرے میں رشتے کے لیے ان چیزوں کو ضروری سمجھا جاتا ہے جو عقل کے خلاف ہوتی ہیں اور دین میں بھی اس کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی مثال کے طور پر بعض خاندانوں اور برادریوں کے اندر لڑکے یا لڑکی کے لئے مناسب رشتہ موجود نہیں ہوتا اور دوسرے خاندان یا برادری میں بہت موزوں رشتہ موجود ہوتا ہے مگر لوگ اپنی برادری یا خاندان سے باہر صرف اس وجہ سے لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہیں کرتے کہ یہ رشتہ ان کے اپنے خاندان یا برادری سے باہر ہوتا ہے اور یوں اس لڑکی یا لڑکے کی شادی کی مناسب عمر گزر جاتی ہے کچھ گھرانے ایسے بھی ہیں جو اگر اپنی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ کسی گھر سے جوڑنا چاہتے ہیں تو وٹہ سٹہ کے مطالبے کے ساتھ جوڑتے ہیں کہ اگر ہماری بیٹی شادی ہو کر آپ کے گھر جائے گی تو آپ کی بیٹی بھی ہمارے گھر بیاہ کر آئے گی اپنے تئیں گویا ضمانتی رشتہ جوڑنے کے متمنی ہوتے ہیں حقیقت میں یہ بھی جبر کی ایک صورت ہے اور اس کے اثرات اچھے نہیں ثابت ہوتے یا تو وہ رشتے قائم ہی نہیں

ہوتے اگر ہو جائیں تو اس کے برے اثرات دونوں خاندانوں کو اپنی لپیٹ میں لیے رکھتے ہیں ایک کے معاملات اگر صحیح نہیں ہیں تو بھائی کو اس کی بیوی پر بلا وجہ تنگی کے لیے آمادہ کیا جائے گا صرف اس لیے کہ ان کی بیٹی خوش نہیں ہے تو ہم بھی ان کی بیٹی کو تنگ کریں بالآخر دونوں خاندانوں میں لڑائی جھگڑے کی نوبت آجاتی ہے اور یہی وجہ خاندانوں کے ٹوٹنے کا سبب بن جاتی ہے، اگر رشتہ جوڑتے وقت ان باتوں پر غور کر لیا جائے تو رشتہ ٹوٹنے کی نوبت پیدا نہیں ہوتی یہ ایک انتہائی نامناسب معیار ہے اور برصغیر کے مسلمانوں پر ہندوانہ سوچ کی ایسی گہری چھاپ کا اثر ہے جو ساٹھ سال کے بعد بھی کم نہیں ہوا، بعض اوقات لڑکی سے رشتہ اس لیے منع کر دیا جاتا ہے کہ وہ ماڈرن نہیں ہے، فیشن ایبل نہیں ہے اور لڑکے سے رشتہ اس لیے منع کر دیا جاتا ہے کہ اسے دنیا داری نہیں آتی دین دار ہے داڑھی والا ہے داڑھی دیکھ رشتے سے انکار کر دیا جاتا ہے، بعض جگہ کم شکل اور ان پڑھ اور غریب اور بے سہارا لڑکی کا رشتہ تلاش کیا جاتا ہے تاکہ وہ ہمیشہ احسان مند رہے اور برے سلوک پر بھی آواز بلند کرنے کی جرأت پیدا نہ ہو، پاکستان میں دیہاتی معاشرے میں زیادہ تر خواتین کو ان کے حقوق سے آگاہ ہونے کی راہیں مسدود کر دی جاتی ہیں جب بنیادی حقوق سے ناواقفیت ہوگی تو جائز حق کے لیے آواز بلند کرنے کا امکان بھی پیدا نہیں ہوگا، ایسے لوگوں کی سوچ اور طرزِ فکر قابلِ افسوس ہے اور ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ شریعت کی پسندیدگی سے آگاہ ہوں اور اس پسند کو ترجیح دیں جس کو اسلام ترجیح دیتا ہے۔

اسی مناسبت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے۔

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُنْکَحُ النِّسَاءُ لِأَرْبَعٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَلِجَمَالِهَا وَلِدِیْنِهَا فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّیْنِ تَرِبَتْ یَدَاکَ(۱۹)

حضور ﷺ نے فرمایا کسی بھی عورت سے تین وجہ سے نکاح کیا جاتا ہے حسب، مال، جمال اور دین، تجھے چاہئے کہ دین والی کو ترجیح دو۔

مذکورہ بالا حدیث میں دین والی کو ترجیح دینے کی ترغیب ہے، اگر مال کے لیے شادی کی تو

خرچ کرنے سے مال ختم ہوجاتا ہے ایک وقت آئے گا کہ مال نہیں رہے گا جو نکاح مال کی وجہ سے کیا تھا وہ وجہ ختم ہونے کے بعد اس رشتے کو بنائے رکھنے کا کیا جواز ہوگا، حسب میں اگر بہت اعلی خاندان، یا کم حسب لڑکی سے رشتہ جوڑا اور لڑکا اس کے معیار کے مطابق نہیں ہوا یا لڑکی لڑکے کے خاندان کے معیار کے مطابق نہیں ہوئی تو اس رشتے کے بنے رہنے کے امکانات کم اور ختم ہونے کے امکانات زیادہ ہوں گے، شوہر اور بیوی کے درمیان محبت نہیں پیدا ہوسکے گی بلکہ شوہر اور بیوی کے مابین رشتہ احساسِ برتری اور احساسِ کمتری کی کشمکش کا شکار رہے گا، جمال وہ شے ہے جو عمر کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ کم ہوجاتا ہے ایک پہلو یہ بھی ہے کہ اگر لڑکی حسین وجمیل ہے اور حسین لڑکی کی شادی بدصورت لڑکے سے یا بدصورت لڑکی کی شادی خوبصورت لڑکے سے ہوجائے تو دونوں کا دل ایک دوسرے کی طرف مائل نہیں ہوگا یوں اس رشتے کو قائم رکھنا مشکل ہوگا جمال کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ یہ محبت اور الفت کا ذریعہ ہے اس لیے نکاح سے قبل لڑکی کو دیکھنا سنت ہے اس کا واضح اشارہ حدیث میں موجود ہے ۔

**عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ خُطَبْتُ إِمْرَأَةً عَلٰى عَهْدِ الرَّسُوْلِ ﷺ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَ نَظَرْتَ إِلَيْهَا؟ قُلْتُ: لاَ قَالَ : فَانْظُرْ إِلَيْهَا فَإِنَّهُ أَجْدَرُ أَنْ يُؤْدَمَ بَيْنَكُمَا ۔(۲۰)**

حضرت مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے ایک عورت کو پیغامِ نکاح دیا تو مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم نے اسے دیکھ لیا ہے میں نے کہا نہیں فرمایا اسے دیکھ لو کہ یہ تمھاری آپس کی دائمی محبت کا ذریعہ ہے۔

ہمارے معاشرہ اس بارے اس بارے میں افراط وتفریط کا شکار ہے اور حدیث میں جو ذکر ہے کہ دین داری کو ترجیح دو اس کے معنی یہ ہیں کہ فقط جمال حسب یا مال کو فوقیت نہ دو بلکہ حسب، مال ، جمال کے اوپر اگر کوئی چیز فوقیت رکھتی ہے تو وہ دین داری ہے اور دین داری کو زوال نہیں ہے، دین داری کی خوبی یہ ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ بڑھتی جاتی ہے اس کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اولاد کی تربیت نیک ماں کے ہاتھوں سے ہوگی، عورت کی دین داری اور پارسائی دنیا کی سب سے قیمتی متاع

جس کی تائید حدیث پاک کرتی ہے۔

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الدُّنْيَا كُلُّهَا مَتَاعٌ وَ خَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ. (۲۱)

حضورﷺ نے فرمایا کہ پوری دنیا ایک متاع ہے اوراس متاع کی بہترین چیز نیک بیوی ہے۔

اگر عورت پارسا نہیں ہوگی تو مرد کے مال میں خیانت کرے گی تو شوہر فکر مند ہوگا اور اگر بدکردار ہوگی تو شوہر کی بدنامی کا باعث ہوگی منع کرنے پر زندگی تلخ ہوجائے گی اور طلاق سے بہتر حل نہیں ہوگا، مرد سے شادی کرنے سے قبل بھی دین داری اور پارسائی کو فوقیت دی جانی چاہیے دینداری صرف عورت کے لیے شرط نہیں ہے بلکہ مرد کے لیے بھی اسی ضروری ہے جس قدر عورت کے لیے ضروری ہے چنانچہ حدیث پاک ہے۔

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ إِذَا خَطَبَ إِلَيْكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهٗ وَ خُلُقَهٗ فَزَوِّجُوْهُ اِنْ لَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِى الْاَرْضِ وَ فَسَادٌ عَرِيْضٌ (۲۲)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جب تمہیں پیغام نکاح وہ شخص دے جس کی دینداری اور اخلاق تم کو پسند ہیں تو نکاح کر دو اگر یہ نہ کرو گے تو زمین میں فتنے اور بڑے فساد برپا ہوجائیں گے۔

نکاح اسلام میں جس قدر ضروری ہے اسی قدر اسلام نے نکاح کو آسان بھی بنایا ہے پاکستانی معاشرے میں جو نکاح اور شادیاں ہورہی ہیں وہ نا صرف مشکل بلکہ کسی حد تک ناممکن نظر آرہی ہیں، ہمارے معاشرے میں رسم ورواج کی بہت اہمیت ہے، اوران پر بہت زور دیا جاتا ہے، پاکستان میں برصغیر کی تہذیب وتمدن کے اثرات اسلامی تعلیمات پر غالب ہیں جن کا مظاہرہ شادی کے مواقع پر ہوتا ہے شادی کے دوران روا رکھی جانی والی غلط رسوم مثلاً ستارے ملا کر رشتہ کرنا، منگنی کی رسم اوراس میں لین دین، شادی کی تاریخ طے کرنا، جہیز، بری، نمود ونمائش، فائرنگ وآتشبازی، مایوں

،تیل، مہندی، پیسے وارنا، مہمانوں کی کثرت، ناچ گانا، ڈھول باجے اور عورتوں کا ناچ گانا، منہ دکھائی، دولہا دلہن کے ہاتھ پر گانہ باندھنا، سہرا باندھنا، ہار پہنانا، واگ پھرائی، سلامی، اخراجات کی کثرت، بارات روک کر پیسے لینا، جوتا چھپائی، دودھ پلائی، گھٹنہ بٹھائی، مکلاوہ وغیرہ ایسی زائد اور ناجائز رسومات ہیں کہ جن کے بغیر شادی نامکمل سمجھی جاتی ہے۔

رشتہ طے کرتے وقت لڑکا اور لڑکی کے ستارے ملائے جاتے ہیں، ستارے ملانے سے مراد یہ ہے کہ کسی بےعمل بے دین عامل سے رجوع کیا جاتا ہے جو حساب لگا کر بتاتا ہے کہ یہ رشتہ صحیح رہے گا یا نہیں، یہی ستارے ملانا ہے، یہ ایک بالکل غیر شرعی اور ہندوانہ رسم ہے ستاروں کا نکاح وتقدیر سے کوئی تعلق نہیں ہے، اس نظریہ کی نفی حدیث پاک سے ثابت ہے چنانچہ ارشاد رسول ﷺ ہے۔

قَالَ قَتَادَةُ (وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ) خلقَ هٰذِهِ النُّجُومَ لِثَلٰثٍ: جَعَلَهَا زِيْنَةً لِّلسَّمَاءِ وَ رُجُومًا لِّلشَّيَاطِيْنَ وَ عَلَامَاتٌ يُهْتِدٰى بِهَا فَمَنْ تَأَوَّلَ فِيْهَا بِغَيْرِ ذَالِكَ أَخْطَأَ وَأَضَاعَ نَصِيبَهُ وَ تَكَلَّفَ مَالَا عِلْمَ لَهُ بِهِ .(۲۳)

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے کہا (اللہ کا ارشاد ہے) اور بلاشبہ ہم نے قریب کے آسمان کو چراغوں سے مزین کیا، یہ ستارے تین فائدے کے لیے پیدا کیے ہیں: آسمان کی زینت کے لیے اور شیطانوں کو سنگسار کرنے کے لیے اور علامتیں ہیں جن سے راستہ جانا جاتا ہے، جس نے ان کے علاوہ اور کوئی تاویل کی اس نے غلطی کی اور اس نے علم سے اپنا حصہ ضائع کر دیا اور جس کا اسے علم نہیں تھا اس کو بھی ضائع کر دیا۔

منگنی کی باقاعدہ رسم ادا کی جاتی ہے لڑکی لڑکے کو انگوٹھی پہناتی ہے اور لڑکا لڑکی کو انگوٹھی پہناتا ہے مرد و عورت کا اختلاط ہوتا ہے گانا بجانا ہوتا ہے، منگنی نکاح نہیں ہے بلکہ نکاح کا وعدہ ہے نکاح سے پہلے لڑکی اور لڑکا ایک دوسرے کے لیے نامحرم ہیں اور اجنبی کا چھونا حرام ہے (۲۴)

جہیز، جھز (۲۵) سے نکلا ہے جس کا مطلب تیار کرنا، مہیا کرنا ماں باپ اپنی بچی کو شادی پر جو اشیاء دیتے ہیں اصل میں جہیز ان تحائف کا نام ہے (۲۶) شادی کے موقع پر ماں باپ اپنی بیٹی کو دیتے ہیں لڑکی کو جہیز حسب توفیق دیا جائے جس میں نا تو اسراف ہو اور نا ہی قرض لے کر جہیز دیا جائے جہیز لڑکی کی ملک ہوتا ہے لڑکے اور اس کے گھر والوں کا اس پر کوئی حق نہیں ہے، اور نہ ہی لڑکے

کا مطالبہ جہیز کے کیسے درست ہے مصلحت کا تقاضا ہے کہ اس رسم کو سادگی سے ادا کیا جائے یا سرے سے ختم کر دیا جائے کیوں کہ اس کے مفاسد زیادہ ہیں اور مصالح کم ہیں، جہیز کی ممانعت میں کوئی صریح حکم قرآن وسنت میں نہیں ہے، لڑکی کو جہیز دینا بھی محض ایک رسم ہے، قرآن پاک نے اس کا حکم نہیں دیا ، لڑکے کا جہیز طلب کرنا بڑی زیادتی ہے، قرآن نے اسے کچھ دینے کے لیے کہا ہے لینے کے لیے نہیں۔ جہیز کے مطالبات ہمارے لیے مشکلات میں اضافہ کا باعث ہیں اس کا اندازہ اس بات سے کیا جاسکتا ہے شعبہ سماجی بہبود کی ایک طالبہ نے ۱۹۶۱ء میں لاہور کے ایک محلے حبیب گنج میں ایک جائزے کے بعد یہ انکشاف کیا کہ وہاں اس وقت ۳۹ لڑکیاں ایسی تھیں، جن کی عمر شادی کے قابل تھی اور ان کے ماں باپ ان کے رشتوں کی تلاش میں ہیں مگر جہیز کا معاملہ ایک رکاوٹ بنا ہوا تھا(۲۷)

یہ آج سے ۵۲ سال پہلے کی تعداد ہے اور آج پاکستان میں ۵۲% خواتین ہیں یقیناً اب ان کی تعداد سینکڑوں میں ہوگی اور اس کی بنیادی وجہ جہیز کی ادائیگی اور مطالبۂ جہیز ہے۔

نکاح سے کچھ دن پہلے ایک رسم ادا کی جاتی ہے اسے مایوں کہا جاتا ہے مایوں میں لڑکی کو زرد کپڑے پہنا کر گانا گا کر ابٹن لگا کر گھر کے ایک کمرے میں مخصوص جگہ پر بٹھا دیا جاتا ہے، تیل مہندی کی رسم ہوتی ہے لڑکے کو خواتین تیل لگاتی ہیں اور لڑکی کو مہندی لگائی جاتی ہے بعض خاندانوں میں لڑکے کو بھی مہندی لگائی جاتی ہے دلھا دلہن کو ابٹن لگایا جاتا ہے مایوں ،مہندی اور تیل کی رسم میں مرد وعورت کا اختلاط ہوتا ہے نامحرم عورتیں لڑکے کا ہاتھ پکڑ کر ابٹن اور سر پر تیل لگاتی ہیں، دلھا دلہن کی جانب سے لڑکے اور لڑکیوں کے درمیان گانے بجانے اور ناچنے کا مقابلہ ہوتا ہے جو اکثر اوقات پوری رات پر محیط ہوتا ہے، مایوں ،مہندی اور تیل ہندوانہ رسوم ہیں اور اسلامی احکامات اور ماحول میں ان کی کوئی گنجائش نہیں ہے یہ رسمیں حرام کاموں کا مجموعہ ہیں، دلہن کو خواتین مہندی ،ابٹن ،اور دوسری سنگھار کی چیزیں لگا سکتی ہیں اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور لڑکے کو ابٹن اور تیل لگایا جا سکتا ہے مگر نا محرم خواتین کا چھونا حرام ہے لڑکے کو مہندی لگانا حرام ہے(۲۸) مایوں، مہندی وغیرہ میں لڑکے لڑکیوں کا ناچنا گانا حرام وناجائز ہے یہی وجوہات ہیں جس کی وجہ سے نکاح والا گھر بے برکت ہو جاتا ہے کثرت سے ایسے حرام کام کیے جاتے ہیں جو اللہ کی رحمت سے دوری کا باعث بن جاتے ہیں۔

عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَنِیْ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ وَهُدًى لِّلْعَالَمِیْنَ وَأَمَرَنِیْ رَبِّیْ بِمَحَقِّ

**اَلْمَعَازِفِ وَالْمَزَامِیْرِ (۲۹)**

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بے شک میرے رب نے مجھے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر مبعوث فرمایا ہے اور مجھے تمام جہانوں کے لیے ہدایت بنا کر بھیجا ہے اور میرے رب نے مجھے ڈھول اور بانسری توڑنے کا حکم دیا ہے۔

شادی والے گھر میں شادی سے پہلے اس قدر آتش بازی ہوتی ہے کہ محلے والوں کا سکون ختم ہو جاتا ہے اس سے بے دریغ مال بھی ضائع ہوتا ہے، تضیع مال حرام اور اسراف ہے، (۳۰) اور غلطی سے کسی کو لگ جائے تو جانی نقصان ہو جاتا ہے۔

رسم ورواج کے جائز وناجائز ہونے کا تعین قرآن وسنت کے پیمانے سے کیا جائے گا، جو رسم قرآن وسنت سے متصادم ہیں وہ ناجائز وحرام ہیں، جو رسوم قرآن وسنت سے متصادم نہیں ہیں وہ جائز ہیں اور جو رسم ورواج قرآن سنت سے ثابت ہیں وہ مستحب ہیں اس کے کرنے پر ثواب بھی ہے، کچھ رسومات کو اختصار سے ذکر کیا ہے مگر یہ ایک مستقل موضوع ہے جس پر باقاعدہ کتاب لکھی جا سکتی ہے، رسم ورواج کے معاملے میں پاکستانی معاشرہ افراط وتفریط کا شکار ہے، وہ طبقہ جو رسم ورواج کے خلاف ہے وہ صحیح کو بھی غلط سمجھ کر ترک کر رہا ہے جب کہ دوسرا وہ طبقہ ہے جو ہر جائز وناجائز رسم کو جاری رکھے ہوئے ہے جو طبقہ تفریط کا شکار ہے وہ کثیر تعداد میں ہے، اصلاح دونوں طبقات کی ضروری ہے علم وآگہی وہ در ہے جو اعتدال کی راہ پر گامزن رکھتا ہے اور بھٹکنے سے محفوظ رکھتا ہے، ان مسائل کا حل ہمارے پاس اسلامی تعلیمات کی روشنی میں موجود ہے اور واضح اسلامی تصورِ نکاح عملی صورت میں موجود ہے، ایک مکمل ضابطۂ حیات کی موجودگی میں یہ حالتِ زار، ہمارے علم وعمل کی کمی کی وجہ سے ہے، اسلامی تعلیمات کو زندگی میں شامل کر کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہو کر ان مسائل کو ختم کیا جا سکتا ہے، نکاح وشادی کو تمام غیر اسلامی رسومات سے پاک کر کے عائلی زندگی بہت سادہ، آسان اور خوبصورت بنائی جا سکتی ہے اسی طرح مسلم معاشرے میں بسنے والے تمام مسلمان اپنے ہاں منعقد ہونے والی شادی ونکاح کے لئے اسلامی ترجیحات نکاح کا انتخاب کریں تو جہاں ایک طرف انہیں گھریلو اور عائلی زندگی میں سکون میسر ہوگا وہاں دوسری طرف ایک قابل رشک اور قابل تقلید معاشرہ اور ماحول بھی سامنے آ سکتا ہے۔

☆☆☆☆

# ﴿حوالہ جات﴾


(۱) القرآن الکریم، سورہ روم، آیت ۲۱

(۲) مجد الدین محمد بن یعقوب الفیر وزآبادی، القاموس المحیط، بیروت۔لبنان، دارلکتاب العربی، باب ح فصل ن، ص ۲۵۷

(۳) لویس معلوف، مترجم مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی، المنجد عربی اردو، خزینۂ علم وادب، اردو بازار، لاہور، ص ۹۳۵

(۴) عبدالرحمٰن الجزیری، کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ، المکتبہ التجاریۃ الکبریٰ، دارالفکر، ۱۹۶۹ء، الجزءالرابع، ص ۱

(۵) محمد امجد علی اعظمی، بہارِ شریعت، کراچی، مکتبۃ المدینہ، ج دوم، حصہ ہفتم، ص ۷۔

(۶) ایضا، ص ۱۱ (۷) القرآن الکریم، سورہ نساء، آیت ۴

(۸) ملا نظام الدین وعلمائے ہند، الفتاوی الھندیۃ، دارالفکر، بیروت۔لبنان، کتاب النکاح، الباب الثالث فی بیان المحرمات، القسم الثانی، ج ۱، ص ۲۸۲

(۹) علامہ علاؤالدین محمد بن علی حصکفی، الدرالمختار، دارلمعرفتہ، بیروت۔لبنان، ۱۴۲۰ھ، کتاب انکاح، فصل فی المحرمات، ج ۴، ص ۱۲۲

(۱۰) مسلم بن حجاج قشیری، صحیح مسلم، بیروت۔لبنان، دارالکتب العربی، کتاب النکاح، باب تحریم الجمع فی النکاح، ص ۵۶۲، حدیث ۳۴۳۶

(۱۱) مسلم فیملی آرڈیننس ۱۹۶۱ دفعہ ۵ ذیلی دفعہ ۲

(۱۲) مسلم فیملی آرڈیننس ۱۹۶۱ دفعہ ۱۰ (۱۳) القرآن الکریم، سورہ نسا، آیت ۳۴

(۱۴) علامہ متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری، کنزالعمال، بیروت، دارالکتب العلمیہ، ۱۴۱۹ھ، کتاب النکاح، ج ۱۶، ص ۱۱۶، حدیث ۴۴۴۰۶

(۱۵) محمد امجد علی اعظمی، بہارِ شریعت، کراچی، مکتبۃ المدینہ، ج دوم، حصہ ہفتم، ص ۵، ۶

(۱۶) مسلم بن حجاج قشیری، صحیح مسلم، بیروت۔لبنان، دارالکتب العربی، کتاب النکاح، استحباب التزوج فی شوال، ص ۵۶۸، حدیث ۳۴۸۳

(۱۷) الامام الحافظ ابی عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی ابن سنان النسائی، سنن النسائی، بیروت ۔ لبنان، دارالکتب العلمیہ، کتاب النکاح ص ۵۴۸، حدیث ۳۳۶۶

(۱۸) امام محمد غزالی، کیمیائے سعادت، اردو بازار، لاہور، شبیر برادرز، اصلِ دوم، باب ۳، ص ۲۴۱

(۱۹) الامام الحافظ ابی داؤد سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی السجستانی، سنن ابی داؤد، اردن، دارالاعلام، کتاب النکاح، باب ۲، ص ۳۲۹، حدیث ۲۰۴۷

(۲۰) الامام الحافظ ابی عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی ابن سنان النسائی، سنن النسائی، بیروت ۔ لبنان، دارالکتب العلمیہ، کتاب النکاح ص ۵۲۷، حدیث ۳۲۳۲

(۲۱) الامام الحافظ ابی عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی ابن سنان النسائی، سنن النسائی، بیروت ۔ لبنان، دارالکتب العلمیہ، کتاب النکاح ص ۵۲۷، حدیث ۳۲۲۹

(۲۲) ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب العمری التبریزی، مرأۃ المناجیح شرح مشکوۃ المصابیح، مترجم احمد یارخان نعیمی، مفتی، لاہور، اردو بازار، قادری پبلیشرز، ج ۵، کتاب النکاح فصل ۲، ص ۲۳

(۲۳) محمد بن اسماعیل، ابی عبداللہ، صحیح بخاری، دار طوق النجاہ، کتاب بداء الخلق، باب فی النجوم، ج ۴، ص ۱۰۷

(۲۴) امام احمد رضا خان، فتاوی رضویہ، لاہور، رضا فاؤنڈیشن، ج ۲۲، ص ۲۴۵

(۲۵) محمد انس رضا عطاری، رسم و رواج کی شرعی حیثیت، لاہور، مکتبہ فیضانِ شریعت، باب ۲، فصل چہارم، ص ۱۸۶

(۲۶) لویس معلوف، مترجم مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی، المنجد عربی اردو، خزینۂ علم و ادب، اردو بازار، لاہور، ص ۱۲۶

(۲۷) عابدہ علی، پروفیسر، عورت قرآن وسنت اور تاریخ کے آئینے میں، لاہور، سمن آباد، قرآن منزل، باب چہارم، ص ۴۶۴

(۲۸) احمد یارخان نعیمی، اسلامی زندگی، قادری پبلیشرز، ص ۲۶

(۲۹) ولی الدین محمد بن عبداللہ، مشکوۃ شریف، بیروت، المکتب الاسلامی، کتاب الحدود، باب بیان الخمر وعیدشاربھا، ج ۲، الفصل الاول، ص ۳۳۲

(۳۰) وزیر احمد، تھل کی رسومات ونظریات اور اوہام کی شرعی حیثیت، ماہی والا، جمال چھپری، چوبارہ، ضلع لیہ، جامعہ ضیائے مدینہ، باب ا ص ۳۸

❀……❀……❀

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 35, Sr.No.94, 2014, pp 43 - 52

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد۳۵،جنوری۔مارچ۲۰۱۴ء،شمارہ۹۴

# بابائے پنجابی کے ادبی سفر

محمد جنید اکرم☆

**Abstract:**

Dr. Faqeer Muhammad Faqeer is a well known literary figure in the twentieth century of Punjabi lang uage & literature. His services to the mother language can't be denied. From some sources it has come to know that for research purpose, promotion of Punjabi and in order to participate in literary activities he happened to visit a number of places all over the India, before and after the partition. In this article, the details of such a journeys are given.

بابائے پنجابی ڈاکٹر فقیر محمد فقیرؒ (5 جون1900ء --- 11 ستمبر1974ء) بیسویں صدی میں پنجابی زبان کے سر برآوردہ شاعر، ادیب، محقق، نقاد، مؤرخ، صحافی اور سیوک ہوئے ہیں۔آپ کی اَن گنت علمی ادبی اور صحافتی خدمات .کے پیش نظر ملک بھر کے علمی ، ادبی اور ثقافتی حلقوں اور اداروں کی جانب سے آپ کو''بابائے پنجابی'' کے قابل احترام خطاب سے نوازا گیا۔گذشتہ برس مارچ 2013ء میں پنجاب یونی ورسٹی لاہور کے محترم وائس چانسلر نے آپ کی علمی ادبی خدمات کے پیش نظر شعبہء پنجابی میں''ڈاکٹر فقیر محمد فقیر ریسرچ چیئر'' قائم کرنے کا اعلان کیا اور (الحمدُ للہ) راقم الحروف کو بحیثیت ریسرچ اسکالر اس مؤقر چیئر پر کام کرنے کا اعزاز بخشا۔علاوہ ازیں ہائر ایجوکیشن کمیشن نے مارچ2014ء میں آپ کی علمی، ادبی، صحافتی اور ثقافتی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کی سفارش پر گورنمنٹ ڈگری کالج برائے طلباء پیپلز کالونی، گوجرانوالہ کا نام''گورنمنٹ فقیر محمد فقیر ڈگری کالج'' کرنے کا نوٹی فی کیشن جاری کر دیا ہے۔

☆ ریسرچ اسکالر، ڈاکٹر فقیر محمد فقیر ریسرچ چیئر، شعبہ پنجابی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ایک پرانی کہاوت ہے کہ سفر وسیلۂ ظفر ہوتا ہے۔ ہم اگر زمانہ ٔ ماضی میں گذرنے والے عظیم دانشوروں، علماء، صوفیاء اور فقراء کی زندگیوں کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ حصول علم کے لیے نِت نئی کتابوں کی تلاش کے ساتھ ساتھ بڑے لوگوں کی صحبت اور مجالس اختیار کرنے کے لیے دُور دراز کے سفر بھی کثرت سے کیا کرتے تھے۔ حالانکہ زمانۂ قدیم میں سفر انتہائی مشکل اور کٹھن ہوتا تھا۔ بابائے پنجابی حضرت فقیر محمد فقیرؔ، ڈاکٹر، روحانی طور پر سلسلۂ قادریہ سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ نے جس دَور میں شعور کی آنکھ کھولی وہ زمانہ ہندوستان میں انگریزوں کے ناجائز قبضے اور لُوٹ مار کا دَور تھا۔ لڑکپن کی عمر ہی سے آپ کے فکر و شعور میں انگریز کی غلامی سے نفرت اور تحریکِ آزادیٔ ہند کے لیے شب و روز جستجو کرتے رہنے کا ایک جنون پیدا ہو چکا تھا جس کی نمایاں جھلک آپ کی شاعری میں جا بجا نظر آتی ہے۔

آپ نے زبانِ زدِ عام یہ ضرب المثل بھی سُن رکھی ہوگی ''لاہور، لاہور ہی ہے''۔ محسوس ہوتا ہے کہ لاہور شہر کی یہ کیفیت زمانۂ قدیم ہی سے چلی آ رہی ہے۔ لاہور، اپنے قرب و جوار ہی میں نہیں بلکہ دُور دراز کے چھوٹے بڑے شہروں کے رہنے والوں کی بھی ہمیشہ ہی ضرورت رہا ہے۔ بِالخصوص علم و ادب، سائینس اور ٹیکنالوجی کے میدانوں کے طلباء کے لیے تو لاہور شہر بہترین درس گاہ اور تجربہ گاہ ہے۔ قدیم الایام ہی سے طلباء اپنے علمی شعور کی پختگی کے لیے ''لاہوری مکتبۂ فکر'' کا رُخ کرتے رہے ہیں۔

اِن ہی تشنگانِ علم و ادب میں حضرت بابائے پنجابی ڈاکٹر فقیر محمد فقیرؒ کا نامِ نامی بھی شامل ہے۔ بابائے پنجابیؒ گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے اور یہیں مدفون ہیں۔ آپ کا قدیم آبائی شہر جموں کشمیر کا ایک قصبہ راول پور ہے (۱) اور بعد از ہجرت آپ کے آباء پنجاب کے وسطی شہر گوجرانوالہ میں آباد ہوئے۔ آپ کو اپنی قدیم اور جدید، دونوں نسبتوں سے بہت پیار تھا جس کا اظہار جا بجا آپ کی شاعری میں بھی ملتا ہے۔

1925ء کے قریب جب اپنے ہومیو پیتھک مطب کو ختم کر کے آپ نے ٹھیکیداری کے کام کا آغاز کیا تو اُس کا مرکزی دفتر ''پاک تعمیرات'' کے نام سے لاہور ہی میں 2، ہسپتال روڈ پر بنایا گیا۔ اپنی کاروباری اور علمی ادبی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے آپ باقاعدگی سے گوجرانوالہ سے لاہور تک بذریعہ ٹرین سالہا سال سفر کرتے رہے۔ حالانکہ انہی ایام میں آپ نے اپنی ذاتی گاڑی

بھی رکھی ہوئی تھی مگر اُسے اکثر لاہور ہی میں پارک کر کے بذریعہ ٹرین ہی گوجرانوالہ آنا جانا رہتا تھا۔ پنجابی زبان سے آپ کے عشق ومحبت کے ضمن میں معروف پنجابی شاعر اور دانشور پروفیسر خوشی محمد شارب اکثر فرمایا کرتے تھے کہ :

''بابائے پنجابی اپنی ذاتی گاڑی پر بیٹھ کر گوجرانوالہ سے لاہور آئے اور جدوجہد سے بھر پور اپنی تحریکی زندگی میں سب کچھ اپنی منزل کے حصول پر قربان کر کے ٹرین پر سوار ہو کر واپس گوجرانوالہ کو لوٹ گئے''(۲)

بھاگ دوڑ کی اس زندگی میں پیش آنے والے حالات و واقعات کو ایک تخلیق کار ہوتے ہوئے کبھی نثری اور کبھی شعری انداز میں بیان کرنے کا سلیقہ بھی اُنہیں خوب آتا تھا۔ ایک روز لاہور سے گوجرانوالہ جا رہے تھے تو ایک واقعہ پیش آیا جسے ایک خوبصورت نظم کے روپ میں پیش کیا ہے جس سے اُن کی قوت مشاہدہ کے ساتھ ساتھ اُن کے انسانی مساوات کے بارے میں نظریات کی بھی خوب ترجمانی ہوتی ہے۔ نظم کا عنوان ہے ''کھوہ دا پانی''۔ 1925 کے زمانے میں لکھی یہ نظم ملاحظہ فرمایئے۔

اُڈ بُلبُل جوہوں جاندی اے، جیوں باگے باغ وکھالے نوں
اِک دِن لاہوروں آوَندا ساں پیا پرتی گوجرانوالے نوں
ہر بوگی دوجی بوگی نوں پولی جہی مار دھکیل کھلی
چل ایمن آبادوں ٹھیری دے اسٹیشن تے جا ریل کھلی
اِک بھگت پریمی ڈِٹھا مَیں، جایا کوئی سُگھڑ سیانی دا
سجے ہتھ اوہدے گڑوی سی، کھبے ہتھ ڈولا پانی دا
آکھے تریہایا جاسی اوہ، کرماں دا جھڑا ہینا ایں
اج واہوا ٹھنڈا پانی ایں، آوَ پی لوَ جس نے پینا ایں
سِر کڈھ زنانے ڈبے تھیں بولی مورکھ مُنھ زور کوئی
ایہہ پانی ہندو پانی ایں، یا ہے ای ویرا ہور کوئی
اکو کھوہ، اِکو ٹوٹی اے، نال اکو اکو نلکا اے
اِک ٹوٹی تھیں دُونہہ پانیاں دا کیوں پیندا تینوں جھلکا اے
جاتی دے وَیر وروہداں دا نہ گندی جوہ دا پانی ایں

نہ ہندو دا، نہ مسلم دا، ایہہ بی بی کھوہ دا پانی ایں
ہولی جہی کہیا فقیر اوہنے نہ ہیچ بدی دا بی، بی بی
بھر گڑوی آکھے پانی ایں لے پینا ای تے پی بی بی(۳)

اپنے ایک مطبوعہ، نشری انٹرویو میں بابائے پنجابی لاہور سے گوجرانوالہ کے سفر کا ایک اور واقعہ اِس طرح سناتے ہیں: (اُردو ترجمہ)

''تقسیم ہند سے پہلے کا واقعہ ہے کہ میں اپنی بیگم کے ہمراہ لاہور سے گوجرانوالہ بذریعہ ٹرین جانے کے لیے ایک کمپارٹمنٹ میں بیٹھ گیا جس پر لکھا تھا'' For Englo indian and Europeon ''۔ٹکٹ میرے پاس موجود تھا۔ راہیم نامی آخری انگریز اسٹیشن ماسٹر تھا۔ مسٹر راہیم آکر مجھے کہنے لگا کہ یہ اینگلو انڈین اور یورپین کا کمپارٹمنٹ ہے آپ یہاں سے اُتر جاؤ۔ میں نے اُترنے سے انکار کیا اوراسی اثنا میں مولانا ظفر علی خان کے صاحبزادے اختر علی خان بھی اپنی بیگم کے ہمراہ وہاں آ گئے اوراسی کمپارٹمنٹ میں بیٹھ گئے۔ وہاں اور لوگ بھی جمع ہو گئے۔ انگریز اسٹیشن ماسٹر نے دیکھا کہ اب یہ دو ہو گئے ہیں۔ دراصل وہ یہ سب کچھ ایک بچی کو بٹھانے کے لیے کر رہا تھا اور وہ بچی بھی ہمارے علاقے کی تھی۔ ہم نے کہا کہ یہ ہماری بچی ہے اور ہمارے ساتھ ہی بیٹھ کر جائے گی۔ وہ بچی بھی مسکرا کر ہمارے ساتھ بیٹھ گئی۔ بات ختم ہو گئی مگر لوگ اللہ اکبر کے نعرے لگانے لگے۔''(۴)

آپ کی اِس طرح کے واقعات سے بھرپور روزمرہ کی تحریکی اور جدوجہد سے بھرپور زندگی میں اُن کے شب و روز کا مطالعہ کرنے سے اُن کی فکری اور نظریاتی سوچ میں انسانی مساوات کا گہرا رنگ نظر آتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اُن کی صبح گوجرانوالہ اپنے فقیر خانے پر یا شہر کی کسی مجلس میں گذر رہی ہے تو دوپہر لاہور میں مولانا عبدالمجید سالک کے ہاں ضروری صلاح مشورے ہو رہے ہیں، اگلے دِن گجرات پیر فضل گجراتی سے پنجابی کی ترقی کے لیے کوئی ضروری مشورہ کرنے کو گئے ہوئے ہیں تو اُس سے اگلے روز اسلام آباد میں الطاف گوہر اور ممتاز حسن کے دفتر میں ''پنجابی ادبی اکادمی'' کے کسی مسئلے یا کسی عزیز دوست کی کسی مشکل کو حل کروانے کی خاطر پہنچے ہوئے ہیں۔ یہ زندگی کی وہ بھاگ

دوڑ ہے جو زبانی روایات کی صورت میں اُن کے بعض ہم عصر دوستوں سے وقتاً فوقتاً میں سُنتا رہا ہوں جو کہ میری یادداشتوں میں محفوظ ہے اور میں گاہ بگاہ اُن کا تذکرہ اپنی تحریروں میں کرتا رہتا ہوں۔ زیر نظر مضمون میں صرف اُن چند سفروں کا ذکر کیا جا رہا ہے جو اپنے عزیز و اقارب کے نام لکھے چند دستیاب خطوط میں سے معلوم ہو سکے یا حضرت بابائے پنجابی کے ذاتی پاسپورٹ کی روشنی میں معلوم ہوئے ہیں۔ پنجاب مسلم ہوٹل امیرا کدل، سری نگر سے 3 اگست 1935 کو ایک خط اپنے لڑکپن کی عمر کے گہرے اور عزیز دوست میاں احمد دین لوراں کو لکھتے ہیں :

''بندہ بخیریت تمام سری نگر پہنچ گیا ہے'' (۵)

26 ستمبر 1935 ء کو اپنی رہائش گاہ محلّہ تکیہ معصوم شاہ، گوجرانوالہ سے اپنے اُنہی عزیز دوست میاں احمد دین لوراں کے نام ایک اور خط میں لکھتے ہیں :

''میں گذشتہ ہفتہ کے روز دہلی ایک کام کی غرض سے گیا۔ راستے ہی میں بخار ہو گیا جو کہ روہتک اسٹیشن تک بہت ہی زیادہ ہو گیا لہٰذا میں روہتک ہی اُتر گیا اور وہاں سے پھر بذریعہ موٹر دہلی پہنچا۔ ایک دن وہاں ٹھہر کر واپس لاہور چلا آیا۔ کل حضرت بخار صاحبؒ ختم ہوئے، کل ہی گوجرانوالہ چلا آیا۔ اب اِن شآء اللہ اتوار تک یہیں رہوں گا'' (۶)

24 جون 1935ء کو بھی میاں احمد دین لوراں کے نام لکھا ایک خط میرے سامنے ہے لکھتے ہیں:

''بھائی جان! میں تقریباً 14/15 دِن لاہور سے غیر حاضر رہا یعنی (۱۱ جون) کو کلئیر شریف سے ہوتا ہوا لکھنؤ پہنچا 13/6 کو لکھنؤ سے کانپور گیا اور وہاں دو یوم قیام کرنے کے بعد الہ آباد چلا آیا۔ جس روز وہاں سے واپس آیا اُس روز آپ کا ملفوف گرامی ملا۔ چاہتا تھا کہ اُسی وقت جواب دوں مگر افسوس کہ اُسی وقت انبالے جانا پڑا۔ چنانچہ اسٹیشن پر روانہ ہوا اور بذریعہ پنجاب میل انبالہ کا رُخ کیا۔ یہ تمام چکر کسی غیر کی خاطر تھا لہٰذا سعی تھی کہ اپنے کو بعد میں جواب دے دیا جائے گا'' (۷)

قیام پاکستان کے بعد اپنے دیس میں اُن کی مادری زبان کے ساتھ اُس کے بولنے والوں نے جو سلُوک روا رکھا اُس کے خلاف اعلانِ جنگ کرنے والی اولین آواز جس نے پنجابی زبان کے

مخالفوں کو ناکوں چنے چبوا دیئے وہ بابائے پنجابی ڈاکٹر فقیر محمد فقیر ہی کی تھی۔ ستمبر 1951ء میں جب آپ نے لاہور سے ماہوار رسالہ ''پنجابی'' شروع کیا تو اسے باقاعدگی سے شائع کرتے رہنے اور زندہ رکھنے کے لیے آپ کو تن تنہا دامے، درمے، قلمے اور سخنے محنت کرنا پڑی۔ جدوجہد کے اِس دَور میں آپ کی کراچی سے پشاور تک کی بھاگ دوڑ آئے روز کا معمول تھی۔ فروری 1952ء کے شمارے ماہوار ''پنجابی'' کا اداریہ بعنوان ''کاتب دی غلطی'' میں رقمطراز ہیں: (اُردو ترجمہ)

> ''جنوری (1952ء) کی سترہ تاریخ کو مجھے پنجابی کے فروغ کی تحریک کے سلسلے میں کچھ دنوں کے لیے کراچی جانا پڑا۔۔۔۔ کراچی پہنچ کر وہی ہوا جس کا مجھے پہلے سے خوف تھا۔ یعنی وہاں میرے چار دن زیادہ بسر ہو گئے۔ آخر میں دس فروری (1952) کو لاہور واپس لوٹا۔'' (۸)

تقسیمِ ہند سے پہلے تو ہندوستان بھر میں بابا جی کا آنا جانا علمی ادبی سرگرمیوں کے سلسلے میں اکثر ہوتا رہتا تھا مگر قیام پاکستان کے بعد کیونکہ ویزا وغیرہ لگوانے کی مشقت اور دگرگوں سیاسی حالات کی وجوہات ایسی تھیں کہ اُن جیسی معروف علمی ادبی اور سیاسی شخصیات کا ہندوستان کی سمت آتے جاتے رہنا شر پسند لوگوں کو کئی شرارتیں کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے مترادف ہوتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ اُنہوں نے قیامِ پاکستان کے بعد اپنا پاسپورٹ بنوایا اور 1955-56 کے دو سالوں میں ہندوستان کے کئی ایک سفر کیے جن کی تفصیل مندرجہ ذیل سطور میں بیان کی جاتی ہے۔

بتیس صفحات پر مشتمل خستہ حالت میں موجود اِس پاسپورٹ کی جلد گتے کی ہے۔ ٹائیٹل کی جلد سمیت تمام صفحات دائیں کونے کی جانب سے آخر میں پھٹے ہوئے ہیں۔ مگر اہم مطلوبہ معلومات بہ آسانی پڑھی جا سکتی ہیں۔ گتے کی جلد کے اندرونی صفحہ پر حکومت پاکستان کی گول مُہر لگی ہے اور پاسپورٹ بننے کی تاریخ 5 جنوری 1955ء درج ہے۔ صفحہ نمبر 1 کے آغاز میں بائیں کونے پر اُردو اور انگریزی میں ''یہ پاسپورٹ 32 صفحات پر مشتمل ہے'' لکھا ہے۔ اُس کے ساتھ نیچے موٹے لفظوں میں اُردو اور انگریزی میں لفظ ''پاسپورٹ'' اور ''پاکستان'' لکھا ہے۔ اگلے کالم میں پاسپورٹ کا نمبر 258912 درج ہے۔ اگلے کالم میں حامل کا نام ''ڈاکٹر فقیر محمد فقیر'' لکھا ہوا ہے۔

صفحہ نمبر 2 پر عنوان ''تصریحات'' اور انگریزی میں Description درج ہے۔ پہلے کالم میں پیشہ govt.contractor لکھا ہے۔ مقام و تاریخ پیدائش کے کالم میں، لاہور 1900ء لکھا ہے

جبکہ آپ کا درست مقام پیدائش گوجرانوالہ ہے۔قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اُس زمانے میں گوجرانوالہ میں ابھی پاسپورٹ آفس قائم نہیں ہُوا تھا اور پاسپورٹ صرف لاہور ہی سے جاری ہوتا ہوگا لہٰذا لاہور کا ایڈریس لکھوانا پڑا ہوگا۔اگلے کالم میں متوطن، پاکستانی لکھاہُوا ہے۔اِس سے اگلے خانے میں، قد، پانچ فُٹ آٹھ اِنچ اور بعدازاں ''آنکھوں کا رنگ، بلیک یعنی کالا'' اِس کے بعد کے کالم میں ''بالوں کا رنگ'' اورآخر میں ''نمایاں امتیازی نشانات'' کے خانے میں ''گردن پر تِل'' لکھا ہُوا ہے۔ Mixd

صفحہ نمبر 3 ''حامل کی تصویر'' اور صفحہ نمبر 4 پر موٹے لفظوں میں ''وہ ممالک جن کے لیے پاسپورٹ کارآمد ہے'' یہاں صرف ''پاکستان اور اِنڈیا'' لکھا ہے۔گویا یہ پاسپورٹ صرف دو ممالک بلکہ یوں کہیے کہ پاکستان سے باہر صرف ایک ہی ملک ''اِنڈیا'' میں جانے کے لیے بنا تھا۔اسی صفحے پر موٹے لفظوں میں ''یہ پاسپورٹ تاریخ مندرجہ کے بعد کارآمد نہیں ہوگا'' لکھا ہے اور تاریخ 4 جنوری 1960 لکھی ہے۔صفحہ نمبر 5 پر لاہور میں رہائش کا ایڈریس اور والد کا نام ''محمد لال دین (مرحوم)'' لکھا ہے۔

صفحہ نمبر 6 خالی اور صفحہ نمبر 7 پر اِنڈیا کا پہلا ویزا لگا ہے۔جس کی تفصیل اِس طرح ہے۔ یہ ویزا صرف شہر ''فیروز والہ'' کا ہے جو کہ 6/1/1955 کو لاہور میں لگایا گیا ہے۔ویزا نمبر 40 - C اور ویزا لگانے کی فیس ایک روپیہ درج ہے۔اِس ویزا کے ختم ہونے کی تاریخ 5/4/1955 ہے۔ صفحہ نمبر 8 پر 7/1/1955 کی تاریخ میں ایک مُہر لگی ہے جس میں یہ الفاظ لکھے ہیں Left Pakistan,Via Jallo۔اِس کے نیچے دوسری مُہر بھارت میں داخلے کی لگی جس میں لِکھا ہے ENTRY, ATTARI RAIL immigration Chek post۔ اِس مُہر کے نیچے 7/1/1955 کی تاریخ لکھی ہے۔اِسی صفحہ کے آخر میں تھانہ فیروز پور کی کارروائی درج ہے۔تھانہ فیروز پور کی رپٹ نمبر 9 کے مطابق 9/1/1955 کو اس تھانہ میں داخلہ ہوا ہے۔صفحہ نمبر 9 انگریزی میں ایک سرکاری تحریر لکھی ہے جس کے مطابق ''ڈاکٹر فقیر محمد فقیر کو ڈپٹی کمشنر فیروز پور کے آفس سے چند دوسرے شہروں کے ویزے جاری کیے جا رہے ہیں۔'' اس تحریر کے آخر میں 9/1/1955 تاریخ درج ہے۔صفحہ نمبر 10 پر 11/1/55 کی تاریخ میں ڈپٹی کمشنر فیروز پور کے دفتر کی مُہر نمبر 6 لگی ہوئی ہے جس میں چندی گڑھ، لُدھیانہ، جالندھر، ہُشیار پور اور امرتسر کے شہروں کے ویزے لگائے گئے ہیں۔اِس ویزا مُہر کے مطابق اِن شہروں کے سفر کرنے کا دورانیہ 11 جنوری سے 25 جنوری 1955

ء ہے مگر بابائے پنجابی کے اِس پاسپورٹ کے صفحہ نمبر 11 پر لگی مُہر اور قلمی دفتری کارروائی کے مطابق آپ 18/1/1955 کو بمطابق انٹری نمبر 580 براستہ اٹاری روڈ پاکستان واپس تشریف لے آئے تھے۔ گویا قیام پاکستان کے بعد یہ آپ کا ہندوستان کا پہلا سفر تھا جو بارہ دنوں پر مشتمل تھا۔

پاسپورٹ کے صفحہ نمبر 12 پر پاکستان چھوڑنے اور اِنڈیا میں داخل ہونے کی مُہریں لگی ہیں۔ پہلی مُہر 30/12/1955 کو LEFT PAKISTAN اور دوسری مُہر بھی 30/12/1955 ہی کو ہندوستان میں ENTRY کی ہے۔ یہ بابائے پنجابی کا قیام پاکستان کے بعد ہندوستان کا دوسرا سفر ہے جو خاصا طویل ہے۔ صفحہ نمبر 13 پر 28 دسمبر 1955 کو لگی ہوئی ویزا مُہر کے مطابق اِس ویزا کا نمبر 85458 - C اور ویزا لگانے کی فیس ایک روپیہ درج ہے۔ اِس کی اختتامی تاریخ 27/3/1956 ہے۔

اور اس ویزا میں امرتسر، جالندھر، لُدھیانہ، دہلی اور بمبئے کے ویزے لگے ہوئے ہیں۔ اِس سے اگلے صفحہ نمبر 14 پر انڈر سیکریٹری (ہوم) حکومت پٹیالہ کے دفتر کی ویزا مُہر ہے جو اِسی سفر کے دوران میں لگوائی گئی ہے۔ یہ مُہر 25 جنوری 1956 کو پٹیالہ، مانسہ اور سہارنپور میں داخلے کے لیے لگوائی گئی ہے۔ اس مُہر کے مطابق ان شہروں میں سفر کرنے کا دورانیہ

24 جنوری سے 27 مارچ 1956ء ہے۔ اِس دوسرے سفرِ ہندوستان سے بابائے پنجابی ڈاکٹر فقیر محمد فقیرؒ براستہ واہگہ 3 فروری 1956 کو پاکستان واپس تشریف لے آئے۔ گویا آپ کا یہ دوسرا ہندیاترا کا سفر ایک ماہ اور پانچ ایام پر مشتمل ہے۔

تیسرا ویزا صفحہ نمبر 17 پر 29/3/1956 کو لگا ہے جس کی مدت سفر 28/6/1956 تک ہے۔ اِس ویزا کا نمبر 46454 - C ہے اور ویزا لگانے کی فیس ایک روپیہ درج ہے۔ اِس ویزا پر امرتسر، جالندھر، پٹیالہ اور دہلی شہروں کے سفر کی آپ کو اجازت دی گئی ہے۔ اسی صفحے کے آخر میں 30 مارچ 1956 کی تاریخ میں پاکستان چھوڑنے کی مُہر لگی ہے۔ صفحہ نمبر 18 کی مُہر کے مطابق آپ 18، اپریل 1956ء کو امرتسر اور دوسرے شہروں کے سفر سے واپس اپنے وطن تشریف لے آئے۔ اِس طرح یہ سفر بیس دنوں پر مشتمل ہے۔

اِس پاسپورٹ کے صفحہ نمبر 20 پر 23/4/56 کی مُہر لگی ہے جس کے مطابق پاکستان سے انڈیا کی جانب روانہ ہو گئے ہیں اور صفحہ نمبر 21 پر لگی مُہر کے مطابق 25/4/56 کو براستہ واہگہ

پاکستان واپسی ہوگئی ہے۔ بعدازاں صفحہ نمبر 23 پر 23/4/56 کی تاریخ میں ایک ویزا نمبر C 54497 لگا ہے جس میں امرتسر، جالندھر، پٹیالہ اور دہلی کے سفر کی اجازت دی گئی ہے۔ اِس کے بعد کے صفحات خالی ہیں۔معلوم ہوتا ہے کہ اِس کے بعد آپ نے غیر مُلکی کوئی سفر نہیں کیا۔(۹)

گوجرانوالہ کے معروف معالج ڈاکٹر اصغر علی چوہدری بابائے پنجابی کے نہایت معتقد، بچوں کی طرح لاڈلے اور طویل مدت تک آپ کے معالج خاص رہے ہیں۔اُنہوں نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ:

قدرت اللہ شہاب کے پاس کسی عزیز دوست کا کوئی کام تھا۔شہاب صاحب اُن دنوں صدر ایوب خان کے پرنسپل سیکرٹری تھے۔ہم لوگ بابا جی کو ساتھ لے کر اسلام آباد چلے گئے۔اُن کے دفتر پہنچے تو آنے کا مدعا بیان کیا۔شہاب صاحب مصروف تھے اُنہوں نے بات سُنی اور کام کر دینے کا وعدہ بھی کیا مگر بابا جی اُن کے جواب سے مطمعن نہ ہوئے اور اُن کے میز سے کاغذ کا ایک ٹکڑا پکڑ کر چندسطریں لکھیں جو اس طرح تھیں:

بکار کسے نمی آئی
با کنارِ کسے نمی آئی
از مبرای تو چوں تواں مردن
بہ مزارِ کسے نمی آئی

یہ کاغذ کا ٹکڑا وہاں رکھا اور اُٹھ کر باہر آ گئے۔قدرت اللہ شہاب نے وہ کاغذ دیکھا اور بھاگتے ہوئے ڈاکٹر صاحب کے پیچھے آئے اور کہنے لگے ''بابا جی آپ ناراض کیوں ہو گئے میں کسی ضروری کام میں اُلجھا ہوا تھا آپ تشریف لائیں پہلے آپ کا کام کرتا ہوں۔ بابا جی جواباً فرمانے لگے'' تم جب سے یہاں بیٹھے ہو شہاب کی بجائے شہابیے ہو گئے ہو''۔(۱۰)

لڑکپن کی عمر میں گوجرانوالہ سے شروع ہونے والا زندگی کی جدوجہد کا یہ سفر، سفر در سفر کی صورت اختیار کرتا چلا گیا اور آخر کار بڑھاپے میں گوجرانوالہ واپس پہنچ کر اُس وقت ختم ہوا جب آپ عمر بھر کی تھکن اُتارنے کی خاطر اپنے شہر کی پاک دھرتی میں مٹی کی چادر اوڑھ کر ہمیشہ کے لیے آرام فرمانے لگے۔

☆☆☆☆

## حوالہ جات


۱۔ کچی منڈیر پر ایک چراغ، محمد جنید اکرم، صفحہ 181، بزمِ فقیر پاکستان، اگست 2011

۲۔ پروفیسر خوشی محمد شارب سے میری ذاتی ملاقاتوں میں ہونے والی گفتگو

۳۔ کلامِ فقیر (چوتھی جلد) زیرِ ترتیب، ڈاکٹر فقیر محمد فقیر

۴۔ تماہی ''پنجابی'' لاہور، بابائے پنجابی نمبر، جولائی 2000 ء سے مارچ 2001 ء ڈاکٹر فقیر دا نشری انٹرویو، صفحہ 30

۵۔ تماہی ''پنجابی'' لاہور، بابائے پنجابی نمبر، جولائی 2000 ء سے مارچ 2001 ء، بابائے پنجابی دے کجھ یادگار خط، صفحہ 382 - 381

۶۔ تماہی ''پنجابی'' لاہور، بابائے پنجابی نمبر، جولائی 2000 ء سے مارچ 2001 ء، بابائے پنجابی دے کجھ یادگار خط، صفحہ-383

۷۔ تماہی ''پنجابی'' لاہور، بابائے پنجابی نمبر، جولائی 2000 ء سے مارچ 2001 ء، بابائے پنجابی دے کجھ یادگار خط، صفحہ-384

۸۔ ماہوار پنجابی لاہور، جنوری/ فروری 1952 ء، کاتب دی غلطی، اداریہ، ڈاکٹر فقیر محمد فقیر، صفحہ 30

۹۔ ذیل میں ڈاکٹر فقیر محمد فقیر کے ذاتی پاسپورٹ کے مطلوبہ صفحات کے عکس دیئے جا رہے ہیں۔

۱۰۔ تماہی ''پنجابی'' لاہور، بابائے پنجابی نمبر، جولائی 2000 ء سے مارچ 2001 ء، ڈاکٹر اصغر علی چوہدری تے ڈاکٹر فقیر محمد فقیر (انٹرویو) محمد جنید اکرم، ص133

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 35, Sr.No.94, 2014 pp 53 - 58

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۵، جنوری۔ مارچ ۲۰۱۴ء، شمارہ ۹۴

# کشمیر۔۔۔تہذیبی وثقافتی پس منظر

ڈاکٹر سردار اصغر اقبال☆

**Abstract:**

Kashmir is an ancient land with great historical background. It has been the hub of eastern culture and civilization. Kashmiri people accepted Islam in early age and it flourished to a great deal during Muslim Mughal period. In this article the background of Kashmiri culture and civilization has been discussed in detail. The author has given some historical evidences to prove his theory.

Key words: Kashmir, Culture, Civilization, History, Analysis.

کسی خاص خطہ زمین میں بسنے والے لوگوں کے رہن سہن، طرز و بود و باش اور زندگی کے مختلف پہلوؤں سے متعلق عمومی رویوں کو اس معاشرے کی تہذیب وثقافت کہا جاتا ہے۔ تہذیبی اقدار جو کسی علاقے میں انسانی معاشرہ کی ابتداء کے ساتھ ہی جنم لیتی ہیں، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ پروان چڑھتی ہیں۔ اور اس علاقے میں جہاں سے ان اقدار کی ابتداء ہوئی ہے کے ساتھ یوں پیوست ہو جاتی ہیں کہ دونوں کا ایک دوسرے سے الگ ہونا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔

---

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ کشمیریات، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

تہذیب اور ثقافت ایک ہمہ گیر موضوع ہے جو زندگی گزارنے کے عام اصولوں اور روزمرہ کے معمولات سے لیکر مخصوص فلسفہ حیات تک کا نچوڑ بھی ہے اور ان کے اظہار کا ذریعہ بھی گویا ثقافت کسی قوم کی فکری، روحانی اور جذباتی زندگی کے افکار اور اعمال کا نام ہے۔

مخصوص خطہ زمین اور اہل زمین کے ساتھ اٹوٹ پیوستگی کے باعث یوں کہا جا سکتا ہے کہ ثقافت اور معاشرت میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ان میں سے کسی ایک کی ترقی کا انحصار دوسرے کی ترقی پر ہے۔ جو ایک کی تنزلی بھی دوسرے کے زوال سے مشروط ہو جاتی ہے۔ایک صحت مند معاشرہ ہمیشہ مثبت تہذیبی اقدار کو جنم دیتا اور پروان چڑھاتا ہے۔ جب کہ زوال پذیر اور اخلاق باختہ معاشرے کا تہذیبی سرمایہ زوال اور انتشار ہی کی عکاسی کرتا ہے۔

تہذیب اور ثقافت کا مفہوم جاننے کے لیے جب ہم اہل فکر و نظر سے رجوع کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ تہذیب اور ثقافت دو علیحدہ علیحدہ اصطلاحات ہیں۔ثقافت کے لغوی معنی دانا یا عقل مند ہونا، علوم و فنون میں مہارت حاصل کرنا، کسی چیز کو تیزی سے سمجھ لینا اور اس میں مہارت حاصل کرنے کے ہیں۔

جب کہ عربی میں تہذیب کے معنی کسی درخت کو کاٹنا، تراشنا اور اس کی اصلاح کرنا یا سیدھا کرنا کے ہیں۔مجازی معنوں میں یہ لفظ شائستگی اور خوش اخلاقی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔اہل تصوف کے نزدیک تہذیب کے معنی پاک کرنا، آلائشیں دور کرنا اور اخلاقی صفات سے مزین کرنے کے ہیں۔

ڈاکٹر محمد صغیر خان اپنے مقالہ ''کشمیر کی جدوجہد آزادی اور اردو ادب'' میں لکھتے ہیں کہ ''تہذیب و ثقافت کی اصطلاحات کی تشریح کو یکجا کرتے ہوئے جو لفظ ان کا بھرپور احاطہ کرتا ہے وہ ''کلچر'' ہے جبکہ ایران میں ان اصطلاحات کے لیے'' آہنگ'' کی ترکیب استعمال کی جاتی ہے''۔(۱)

تہذیب و ثقافت کی وضاحت کرتے ہوئے فیض احمد فیض کہتے ہیں کہ ''بعض اوقات ہم کلچر سے روزمرہ رہن سہن اور طریقہ زندگی مراد لیتے ہیں بعض اوقات عقائد، دین و مذہب اور بعض اوقات فن اور ادب، لیکن یہ بات بہر طور مسلمہ ہے کہ فوری تہذیب کے تعین میں ان اجزاء کا باہمی

رشتہ ان کی اہمیت اور غیر اہمیت یا ان کی تقدیم اور تاخیر کچھ بھی قائم کر لیجیے۔انہیں ایک دوسرے سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔قومی تہذیب کو سمجھنے کے لیے ان کی مجموعی شکل وصورت ذہن میں رکھنا ضروری ہے''۔(۲)

مولانا مودودی کے خیال میں تہذیب جس چیز کا نام ہے اسکی تقوین پانچ عناصر سے ہوتی ہے۔

۱۔ دینوی زندگی کا تصور ۲۔ زندگی کا نصب العین

۳۔ سیاسی عقائد وافکار ۴۔ ترتیب افراد

۵۔ نظام اجتماعی۔

دنیا کی ہر تہذیب انہی پانچ عناصر سے بنی ہے۔''

آغا بابر کی نظر میں ہمارا کلچر کیا ہے؟ ہمارا کلچر سرسوں کا ساگ اور جوار کی روٹی ہے۔وہ کہتے ہیں جو چیز تہذیبی لحاظ سے مالک اور نوکروں کے درمیان موجود ہو جس سے دونوں کو محبت ہے جس کے دونوں طلبگار ہوں۔امیر اور غریب جس تہذیب میں پلے بڑھے ہوں وہی تہذیب کلچر کہلاتی ہے۔

## کشمیر میں تہذیب کا ارتقاء

تہذیب وثقافت کی جامع تعریف کی روشنی میں جب ہم جموں وکشمیر کے تہذیبی وثقافتی پس منظر کا جائزہ لیتے ہیں اور تاریخ پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ یہ علاقہ طویل ترین تاریخی پس منظر رکھتا ہے۔قدیم تاریخی ماخذ سے اگر چہ پانچ ہزار قبل مسیح سے اس علاقے میں انسانی آبادی کا آغاز اور اپنے دور کے حالات مطابق انسانی معاشرہ کی تشکیل ثابت ہوتی ہے۔(۳)۔(۴)

جہاں انسانی معاشرہ موجود ہو وہاں تہذیب وثقافت کا ہونا لازمی امر ہے لیکن یہ ماخذ قدیم عہد سے متعلق معلومات وحالات کی واضع تصویر بتانے سے قاصر ہیں وہاں اس دور کی تہذیب کے متعلق بھی انکا بیان صرف اتنا ہے کہ یہ وہ زمانہ تھا جب لوگ تہذیب سے بالکل نا آشنا وحشیانا زندگی بسر کرتے تھے۔(۵)

ایک دوسری جگہ اس دور کے تمدنی حالات کے متعلق یوں کہا گیا ہے۔اس دور کے تمدن

طریق معاشرت اور طرز معاشرت کی نسبت کوئی حالات معلوم نہیں ہو سکتے۔(۶) کشمیر کے ابتدائی دور کے معاشرتی حالات کے بارے میں ایک اور کشمیری مئورخ لکھتے ہیں کہ آریاء اس ملک میں آئے تو یہاں ان سے پہلے بھی کئی قومین آباد ہو چکی تھیں جن کے پاس کوئی تہذیب نہیں تھی۔(۷) یہ اس زمانے کی بات ہے جب کشمیر میں دریا دیو کی قوم بستی تھی جن کے بارے میں قرائین بتاتے ہیں کہ ان کے حالات آج کل کے وسط افریقہ کے باشندوں جیسی تھی۔ البتہ اتنا ضرور تھا کہ لوگ جو گروہوں کی شکل میں رہتے تھے۔ اپنے سردار کی اطاعت کا عمل سیکھ چکے تھے اور ان کے احکامات کی بجا آوری کو انتہائی اہمیت دیتے تھے۔ اس دور کے لوگوں کا گزارہ شکار پر ہوتا تھا۔ جبکہ سنگی اوزار اُن کے ہتھیار ہوتے تھے۔ جب طوفان نوح کے بعد کشپ رشی نے جھیل ستی سر کا پانی خشک کیا اور علاقے کو کشمیر کے موجودہ نام سے دوبارہ آباد کیا تو ابتداء میں بعض ہندو رشیوں اور سنیاسیوں نے اس خطہ زمین کے چند گوشوں کو آباد کیا۔ یہ لوگ عبات اور تپسیا میں مگن رہتے تھے۔ اس کی وجہ سے یہ کسی معاشرے کی بنیاد نہ ڈال سکے۔ اس کے بعد مذہبی عقائد کی تبلیغ و اشاعت کے لیے انہی لوگوں نے کشمیر میں آشرم، پاٹھ شالے اور عبادت گاہیں تعمیر کیں۔ اس طرح روحانیت اور علم و مذہب سے دلچسپی رکھنے والے لوگ کشمیر پہنچ گئے۔ طبعی طور پر ان طالبان علم و مذہب کی خدمت گزاری، دیکھ بھال اور دوسرے ضروری کاموں کے لیے کچھ اور لوگ بھی انکے ساتھ آنے لگے۔(۸)

اس طرح اس علاقے میں انسانی معاشرہ نئے سرے سے تشکیل پذیر ہوا اور موجودہ اقوام کا آغاز ہوا۔

معتدل موسمی حالات اور سازگار فضاء کے باعث جلد ہی کشمیر کی آبادی بڑھنے لگی۔ گاؤں آباد ہونے لگے۔ ضروریات زندگی کی تکمیل کے لیے کاشتکاری اور زرعت پہ دھیان دیا جانے لگا۔ اس دور میں پیداوار کا واحد ذریعہ زمین تھی۔(۹)

کشمیر میں تہذیبی اور تمدنی زندگی کو پہلے پہل جس تہذیب نے ابتدائی بنیادیں فراہم کیں ہیں وہ ایک غیر آریائی تہذیب تھی۔ جس کے آثار برزہ ہوم سے دریافت ہوئے ہیں۔ برزہ ہوم سری

نگر کی ایک نواحی بستی ہے۔ جو شہر سے شمال مشرق کی جانب ۲۴ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ یہاں سے ہی پہلے غیر آریائی تہذیب کے آثار ملے ہیں۔

شیراز کاشمیری اپنی مشہور تصنیف ''کشمیری قوم اور قومتیں'' میں لکھتے ہیں۔ کہ ماہرین آثار قدیمہ اس بات پر متفق ہیں کہ برزہ ہوم کی غیر آریائی تہذیب ہڑپہ اور منجھو دہڑو کی تہذیبوں سے پرانی تہذیب ہے۔(۱۰)

ہندوستان کے محکمہ آثار قدیمہ کی ابتدائی رپورٹ پہ تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر فیئر سروس لکھتے ہیں کہ برزہ ہوم سے قدیم آثار کی دریافت کے بعد ماہرین آثار قدیمہ اس بات پر سخت حیران ہیں کہ ماقبل تاریخ کے ایسے آثار شمالی ہندوستان کے دوسرے صوبوں سے کیوں نہیں مل سکے۔

ڈاکٹر والٹر فیئر سروس جنہیں ماقبل تاریخ کی تہذیبوں کے آثار قدیمہ کا ایک مستند تجربہ نگار سمجھا جاتا ہے وہ کئی ایک مضامین، مکالوں اور کتابوں کے خالق ہیں۔ جو ان قدیم تہذیبوں پر روشنی ڈالتے ہیں۔ ان کی مشہور زمانہ کتاب قدیم ہندوستان کے ماخذ (The Roots of Ancient India) میں ایک پورا باب برزہ ہوم سے متعلق ہے۔ ڈاکٹر والٹر فیئر سروس نے جو بھی نتائج اخذ کئے ہیں انکی بنیاد ڈاکٹر ڈیرہ اور ڈاکٹر پیٹرسن کی تحقیقات ہیں۔ یاد رہے ڈاکٹر پیٹرسن اور ڈاکٹر ڈیٹرہ نے ۱۹۴۰ء میں کشمیر کا مطالعاتی دورہ کیا تھا۔ ڈاکٹر مذکورہ کے حوالے سے والٹر فیر لکھتے ہیں کہ ''یہ ڈاکٹر صاحبان اپنے تحقیقی مشن پر برزہ ہوم پہنچے تو وہ یہ جان کر حیران رہ گئے کہ اس دور افتادہ علاقے میں ایک ایسی تہذیب مدفن ہے جس کی ہمسر کسی دوسری تہذیب کے آثار شمالی ہندوستان کے کسی دوسرے علاقہ سے آج تک نہیں ملے ہیں''۔(۱۱)

''شمالی ہندوستان کی نئی دریافت شدہ تہذیبوں اور ان کے آثار قدیمہ کا مطالعہ کرتے ہوئے ھارورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر لارسٹن وارڈ نے یہ رائے قائم کی ہے کہ شمالی ہندوستان کی دیگر تہذیبوں کے برعکس برزہ ہوم میں مدفن تہذیب کے آثار مکمل غیر آریائی تہذیب کے آثار ہیں''۔(۱۲)

